یہ امر نہایت فکر انگیز اور عمیق غور و خوض کا متقاضی ہے کہ بلیک ہولز اور ورم ہولز جیسے سائنسی مظاہر کو معراج جیسے روحانی و فوق الفطرت واقعے کے ساتھ مربوط کیا جائے۔ جدید طبیعیات کی رو سے یہ نظریہ پیش کیا جاتا ہے کہ کائنات میں بعض مقامات ایسے بھی ہو سکتے ہیں جہاں مکان و زمان اپنی روایتی ساخت سے ماوراء ہو کر کسی ایسے پل یا راستے کو جنم دے سکیں جو بعید المسافت مقامات کو یکلخت مربوط کر دے۔

ورم ہولز یا وہ نظریاتی زمانی و مکانی درزیں ہیں جو کائنات کے دو مختلف حصوں کو آپس میں مربوط کر سکتی ہیں۔ اگرچہ ابھی تک کوئی عملی شہادت دستیاب نہیں، لیکن ریاضیاتی ماڈلز کے مطابق، ایک ایسی سرنگ کا امکان موجود ہے جو مختلف جہات، متوازی کائناتوں یا بعید المقامات مقامات کو فوری طور پر آپس میں جوڑ سکتی ہے۔

اس ضمن میں، قرآن حکیم میں وارد بعض آیات، بالخصوص سورہ المومنون کی سترہویں اور اٹھارہویں آیات، نہایت غور و فکر کی متقاضی ہیں۔

اور بے شک ہم نے تمہارے اوپر سات راستے بنائیے اور ہم تخلیق سے بے خبر نہیں۔ اور ہم نے آسمان سے ایک اندازے کے مطابق پانی نازل کیا، پھر ہم نے اسے زمین میں ٹھہرایا، اور ہم اس کے ختم کر دینے پر بھی قادر ہیں۔ سورہ المومنون : 17-18

یہاں لفظ سات راستے خصوصی توجہ کا مستحق ہے۔ عربی زبان میں طرق کا مفہوم صرف طبقات یا منازل پر محیط نہیں، بلکہ یہ ایسے مجازی اور مادی راستوں کو بھی شامل کرتا ہے جو کسی بھی دو مقامات کو مربوط کر سکتے ہیں۔ اگر اس آیت کو جدید طبیعیات کی روشنی میں پرکھا جائے، تو یہ بعید نہیں کہ یہ کائناتی راستوں، اضافی جہات یا ورم ہولز جیسے نظریات کی طرف اشارہ کر رہی ہو۔ یہی وہ نکتہ ہے جہاں معراج النبی ﷺ کا واقعہ ہمارے فہم سے ماوراء حقائق کی نشاندہی کرتا ہے۔ اگر یہ تسلیم کر لیا جائے کہ کائنات میں ایسے مخفی راستے یا سرنگیں موجود ہیں، تو یہ بعید نہیں کہ معراج بھی کسی ایسے ہی غیر مرئی زمانی و مکانی راستے سے وقوع پذیر ہوا ہو، جہاں طبیعی قوانین معطل ہو جاتے ہیں اور زمانی تسلسل منجمد ہو جاتا ہے۔

آیت میں آگے فرمایا گیا کہ ، اور ہم تخلیق سے بے خبر نہیں

یہاں یہ واضح کیا جارہا ہے کہ کائنات میں جو کچھ بھی رونما ہو رہا ہے، وہ اللہ تعالیٰ کے کامل علم اور قدرت کے تحت ہے۔ اگر ورم ہولز، اضافی جہات یا کسی بھی دوسرے کائناتی راستے کا وجود ممکن ہے، تو یہ بھی اللہ کے تخلیقی نظام کا ہی ایک جز ہوگا۔

اسی آیت کے اگلے حصے میں آسمان سے پانی کے نزول اور اس کے زمین میں ٹھہرائے جانے کا ذکر ہے۔ عام فہم میں یہ بارش کے نظام کی طرف اشارہ ہے، لیکن بعض سائنسی نظریات یہ تجویز کرتے ہیں کہ زمین پر موجود پانی ممکنہ طور پر کسی کائناتی ماخذ سے آیا ہو، یعنی دُور افتادہ سیاروں، دم دار ستاروں یا بین النجم بادلوں سے۔ اگر ایسا ہے، تو یہ بات ہمارے اس قیاس کو مزید تقویت دیتی ہے کہ قرآن ان کائناتی حقائق کی جانب اشارہ کر رہا ہے جن کی تفہیم سائنس اب جا کر کر رہی ہے۔

یہاں ایک نہایت اہم سوال یہ بھی پیدا ہوتا ہے کہ کیا معراج جیسے واقعات کو محض سائنسی اصولوں کے تابع رکھ کر سمجھا جا سکتا ہے؟ اگرچہ طبیعیات میں ایسے امکانات کی گنجائش موجود ہے، لیکن معراج کو کسی ایک طبیعیاتی اصول تک محدود کر دینا اس کے ماورائی اور روحانی پہلو سے صرفِ نظر کرنا ہوگا۔ سائنسی نظریات کا دائرہ محدود ہے، جبکہ معراج ایک ایسا واقعہ ہے جو مادی و روحانی حقیقتوں کا امتزاج تھا۔

اگر مستقبل میں سائنس ایسے قوانین دریافت کر لے جو ورم ہولز یا اضافی جہات کی حقیقت کو ثابت کر دیں، تو یہ ممکن ہے کہ ہم قرآن کے ان اشارات کو بہتر طور پر سمجھنے کے قابل ہو جائیں۔ تاہم، اس وقت تک یہ کہنا ہی مناسب ہوگا کہ قرآن ایک وسیع تر پیغام کا حامل ہے، اور سائنسی نظریات کی محدود تفہیم اس کے مضامین کو مکمل طور پر احاطہ نہیں کر سکتی۔ کائنات کی حقیقت، زمانی و مکانی سرنگوں کا وجود، اور معراج

جیسے مظاہر، یہ سب وہ سربستہ راز ہیں جنھیں انسانی عقل مکمل طور پر سمو نہیں سکتی۔ البتہ غور و فکر کا دروازہ ہمیشہ کھلا ہے، اور علم کی جستجو ہمیں ان حقائق کے قریب تر لے جانے میں مدد و معاون ہو سکتی ہے۔

نتیجہ، سائنس، فلسفہ اور ایمان کا امتزاج

سپیس ٹائم، ورم ہولز، معراج اور جدید سائنس کا یہ فکری تجزیہ اس حقیقت کو آشکار کرتا ہے کہ انسانی علم ابھی ابتدائی مراحل میں ہے۔ وہ حقیقت، جسے قرآن نے چودہ سو سال قبل بیان کیا، آج سائنسی نظریات اس کے قریب تر پہنچنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ یہ بحث اس امر کی دعوت دیتی ہے کہ سائنس اور روحانیت کو ایک دوسرے کے مد مقابل نہیں، بلکہ ایک دوسرے کے تکمیل کنندہ کے طور پر دیکھا جائے۔ انسان کا شعور جیسے جیسے وسعت اختیار کرے گا، ویسے ویسے وہ کائنات اور اس کے خالق کے بارے میں مزید اسرار سے پردہ اٹھائے گا۔ معراج کا سفر محض ایک واقعہ نہیں، بلکہ ایک ایسا دروازہ ہے، جو فکر انسانی کو نئی بلندیوں تک لے جاتا ہے۔

جیمز ویب خلائی دوربین کے حیرت انگیز انکشافات

انسانی فکر جب آسمان کی وسعتوں کو چھونے لگی اور فلکیاتی اسرار و رموز کو جاننے کی جستجو شدید تر ہوئی تو سائنسی ترقی نے ایک ایسا شاہکار تخلیق کیا جو کائنات کے سب سے دور افتادہ گوشوں کو بھی عیاں کرنے کی

صلاحیت رکھتا ہے۔ یہی کارنامہ جیمز ویب اسپیس ٹیلی اسکوپ کے ذریعے انجام پایا، جو جدید ترین سائنسی ٹیکنالوجی کی معراج اور فلکیاتی تحقیق کا ایک بے مثال سنگِ میل ہے۔

جیمز ویب اسپیس ٹیلی اسکوپ کا آغاز 1996ء میں ہوا، جب ناسا یورپی خلائی ایجنسی اور کینیڈین خلائی ایجنسی نے مل کر ایک جدید خلائی دوربین کے منصوبے پر کام شروع کیا۔ یہ ٹیلی اسکوپ ہبل اسپیس ٹیلی اسکوپ کی جانشین قرار دی گئی، جو کئی دہائیوں تک فلکیاتی تحقیق میں بنیادی کردار ادا کر چکی تھی۔ تاہم، ہبل کی محدودات اور بڑھتے ہوئے سائنسی تقاضوں نے ایک زیادہ جدید اور حساس مشاہداتی آلے کی ضرورت کو اجاگر کیا، جو مزید دور دراز کہکشاؤں، ابتدائی کائنات کے نشانات، اور پیچیدہ فلکیاتی مظاہر کا مطالعہ کر سکے۔

کئی دہائیوں کی تحقیق، انجینئرنگ کے پیچیدہ مراحل، اور غیر معمولی سائنسی اختراعات کے بعد 25 دسمبر 2021ء کو جیمز ویب ٹیلی اسکوپ کو آریان-5 راکٹ کے ذریعے خلا میں روانہ کیا گیا۔ یہ دوربین لاریجریان پوائنٹ 2 پر تعینات کی گئی، جو زمین سے تقریباً 15 لاکھ کلومیٹر دور واقع ہے اور جہاں سورج، زمین اور چاند کی کشش ثقل کا توازن اسے مستحکم رکھتا ہے۔

فلکیات کی دنیا میں جیمز ویب خلائی دوربین ایک ایسا سنگ میل ہے جس نے کائنات کے سربستہ رازوں کو بے نقاب کرنے میں غیر معمولی کردار ادا کیا ہے۔ یہ حیرت انگیز مشین خلائے بسیط کے دور دراز گوشوں تک جھانکنے کی صلاحیت رکھتی ہے، جہاں تک انسانی آنکھ یا پرانی سائنسی دوربینیں دیکھنے سے قاصر تھیں۔ یہ فلکیاتی تحقیق کی ایک انقلابی پیش رفت ہے جو ابتدائی کہکشاؤں، بین النجم مادہ، ستاروں کی پیدائش اور ماورائے ارض سیاروں کی حقیقتوں کو آشکار کر رہی ہے۔ کائنات کی وسعتوں میں نظر دوڑائیں تو ہر سو حیرت انگیز نظام اور قوانین کارفرما دکھائی دیتے ہیں۔ ہر کہکشاں، ہر ستارہ، ہر سیارہ ایک خاص ترتیب اور

غیر متزلزل ضابطے کے تابع گردش کر رہا ہے۔ کیا یہ سب محض ایک اتفاق ہے یا اس کے پیچھے ایک عظیم حکمت پوشیدہ ہے۔

جیمز ویب خلائی دوربین نے ابتدائی کہکشاؤں کی روشنی کو دیکھ کر اس حقیقت کی تصدیق کی کہ کائنات مسلسل پھیل رہی ہے اور اس کی تخلیق ایک زبردست دھماکے سے ہوئی تھی۔ روشنی جو اربوں نوری سال کا سفر طے کر چکی ہے اب ہمارے مشاہدے میں ہے اور اس نے ازلی کائناتی مظاہر کے اسرار کو منکشف کیا ہے۔

یہ حیران کن خلائی مشاہدہ اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ کہکشائیں نہ صرف پیدا ہو رہی ہیں بلکہ ان کا ارتقا بھی مسلسل جاری ہے۔ اس دوربین نے کئی سیاہ شگافوں کا سراغ لگایا جو کہکشاؤں کے مرکز میں موجود ہیں اور ناقابل تصور کشش ثقل رکھتے ہیں۔ ان کے گرد موجود شدید ثقلی دباؤ مادے کو ایک نقطے میں سمو دیتا ہے جہاں تمام طبیعیاتی قوانین بے معنی ہو جاتے ہیں۔

قرآنِ حکیم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

وہی ہے. جس نے بغیر کسی ستون کے آسمانوں کو بلند کیا تم انہیں دیکھ نہیں سکتے پھر وہ عرش پر جلوہ گر ہوا اور سورج و چاند کو مسخر کر دیا ہر ایک اپنے مقررہ وقت تک چلتا رہے گا وہی امور کی تدبیر کرتا ہے تاکہ تم یقین کر سکو

سورہ رعد آیت 2

اس خلائی مشاہدے کا ایک اور حیرت انگیز پہلو یہ ہے کہ ماورائے ارض سیاروں کے فضائی تجزیے میں کئی ایسے کیمیائی عناصر دریافت کیے گئے ہیں جو زندگی کی موجودگی کے لیے ضروری سمجھے جاتے ہیں۔ پانی، میتھین، کاربن ڈائی آکسائیڈ اور دیگر نامیاتی مرکبات ان سیاروں پر موجود ہیں جو ہماری زمین کی طرح کسی نہ کسی حد تک زندگی کے لیے سازگار ہو سکتے ہیں۔

قرآنِ حکیم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

اور وہی ہے جس نے زمین میں پہاڑ گاڑ دیے کہ تمھیں لے کر جھک نہ جائے اور دریا بنائے اور راستے تاکہ تم راہ پا سکو اور نشانیاں بھی رکھیں اور لوگ ستاروں سے بھی راہ معلوم کرتے ہیں
سورہ نحل آیات 15-16

کہکشاؤں کی انتہائی قدیم ترین تصاویر، کائناتی ازل کی جھلک

جمیز ویب اسپیس ٹیلی سکوپ نے فلکِ بسیط کے نہاں خانوں میں جھانکتے ہوئے وہ مناظر قید کیے ہیں، جو ازلِ کائنات کے اولین لمس کی عکاسی کرتے ہیں۔ ان تصاویر میں وہ کہکشائیں نمودار ہوئی ہیں، جن کا وجود ابتدائی عہدِ آفرینش میں منصۂ شہود پر آیا تھا، جب فلکیاتی اجسام ابھی اپنے اولین خدوخال تراش رہے تھے اور وقت کی رگوں میں روشنی کے پہلے سوتے بہہ رہے تھے۔

یہ کہکشائیں، جو ہبل کی نگاہوں سے اوجھل تھیں، جمیز ویب کے فروغِ تابانی نے آشکار کیں، اور یہ انمول شہادتیں فراہم کیں کہ کائنات کی ابتدا کس طرح کے مظاہر سے آراستہ تھی۔ مادے کے اولین ارتکاز،

کششِ ثقل کے دستِ جادوگری سے کہکشاؤں کی ترتیب، اوران کے اولین ستاروں کی تجلیات وہ رازہیں جواب انسانی شعور کے مدارج میں ایک نئیے باب کا اضافہ کر رہے ہیں۔

یہ تصاویر، جو وقت کی سنگین دیواروں کو توڑتی ہوئی ہمیں تیرہ ارب سال پیچھے لے جاتی ہیں، ایک ایسے عہد کا پتہ دیتی ہیں جب کائنات کی تشکیل ابتدائی مراحل میں تھی۔ ان میں کہکشائیں محض روشنی کے جھرمٹ نہیں بلکہ فلکیاتی تاریخ کے وہ زندہ آثار ہیں جو ہمیں بتاتے ہیں کہ کس طرح بگ بینگ کے بعد گیس وغبار کے بے ہنگم بادل کششِ ثقل کی آغوش میں سمٹ کر اولین کہکشاؤں کی صورت میں متشکل ہوئے۔

یہ مناظر سائنس کی دنیا میں ایک انقلاب سے کم نہیں، کہ جو کہکشائیں محض نظری مباحث اور مفروضوں کا حصہ تھیں، اب وہ اپنے جلوے بکھیر رہی ہیں اور ہمیں کائیناتی ابتداء کے اسرار میں جھانکنے کا موقع دے رہی ہیں۔ یہ تصاویر محض روشنی کے نقوش نہیں بلکہ وہ کہانیاں ہیں جو کائنات کی پیدائش، اس کی ابتدائی پرورش، اوراس کے ارتقائی مراحل کے پوشیدہ پرت وا کرتی ہیں۔

ابتدائی کائینات میں کہکشاؤں کی غیر متوقع پیچیدگیاں

جمیز ویب اسپیس ٹیلی سکوپ کے حیرت انگیز انکشافات میں سے ایک ابتدائی کائینات میں کہکشاؤں کی غیر متوقع پیچیدگی ہے، جو ہمارے موجودہ فلکیاتی نظریات کے لیے ایک چیلنج بن کر سامنے آئی ہے۔ کائیناتی ارتقا کے اس ابتدائی دور کو عام طور پر ایک ایسے مرحلے کے طور پر تصور کیا جاتا تھا جہاں کہکشائیں نوزائیدہ، بے ترتیب اور نامکمل ہوتی ہیں، مگر جمیز ویب کے فراہم کردہ بصری شواہد نے اس مفروضے کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے۔

اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے

(اور آسمان کو ہم نے اپنے ہاتھوں سے بنایا اور ہم اسے برابر وسعت دے رہے ہیں)

(سورۃ الذاریات : 47)

یہ آیتِ مبارکہ کائنات کے مسلسل پھیلنے کی سائنسی حقیقت کی طرف اشارہ کرتی ہے، جس کی تصدیق جدید فلکیاتی تحقیقات نے کی ہے۔ جمیز ویب کے انکشافات میں کہکشاؤں کی پیچیدہ ساخت اس امر کی دلیل ہے کہ اللہ نے نہ صرف کائنات کو تخلیق کیا بلکہ اسے ایک خاص نظم و ترتیب سے وسعت بخشی۔

ان مشاہدات سے یہ ثابت ہوا کہ فلکیاتی تاریخ کے ابتدائی ابواب میں کہکشائیں نہ صرف اپنے بنیادی ڈھانچے میں ترتیب پذیر ہو چکی تھیں بلکہ حیران کن طور پر پیچیدہ، منظم اور ترقی یافتہ بھی تھیں۔ یہ کہکشائیں محض ابتدائی گرد و غبار اور گیس کے بے ہنگم بادل نہیں، بلکہ ایسے فلکیاتی اجسام تھیں جنھوں نے اپنی ہیئت، گردش اور توانائی کے توازن کو غیر متوقع حد تک مستحکم کر لیا تھا۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے

"الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ"

(جس نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے چھ دنوں میں پیدا کیا، پھر عرش پر جلوہ گر ہوا)

(سورۃ الفرقان : 59)

یہ آیت تخلیقِ کائنات کی تدریجی فطرت اور اس کی عظیم تنظیم پر دلالت کرتی ہے۔ جمیز ویب کی فراہم کردہ تصاویر اس حقیقت کی تائید کرتی ہیں کہ اللہ کی تخلیق ابتدا سے ہی خاص نظم اور ترتیب کے تحت تھی۔

یہ پیچیدگیاں محققین کے لیے کئی سوالات کو جنم دیتی ہیں: کیا کہکشائیں ہمارے اندازے سے کہیں زیادہ تیزی سے ارتقا پذیر ہوئیں؟ یا پھر ابتدائی کائنات کے طبیعیاتی قوانین میں کچھ ایسے غیر دریافت شدہ عناصر شامل ہیں جو ہمارے موجودہ سائنسی ماڈلز میں موجود نہیں؟

اللہ تعالیٰ نے قرآن میں فرمایا

(اور وہی ہے جس نے رات اور دن اور سورج اور چاند کو پیدا کیا، سب اپنے اپنے مدار میں تیر رہے ہیں)

(سورۃ الانبیاء: 33)

یہ آیت اس کائناتی نظم و ترتیب کو بیان کرتی ہے جو اللہ تعالیٰ کی حکمت اور تدبیر کی عکاس ہے۔ جمیز ویب ٹیلی سکوپ کے مشاہدات میں کہکشاؤں کی پیچیدہ حرکات اسی الٰہی ترتیب کی تصدیق ہیں، جو کائنات کی ہر شے کو ایک خاص میزان میں پروئے ہوئے ہے۔

یہ دریافت اس امر کی نشاندہی کرتی ہے کہ ہمیں اپنے فلکیاتی نظریات میں نظرِ ثانی کی ضرورت ہے اور شاید ہمیں کہکشانی ارتقا کے بارے میں بالکل نئے اصول دریافت کرنے ہوں گے جو ان غیر متوقع پیچیدگیوں کی تشریح کر سکیں۔

(یہ ہے اللہ کی تخلیق، پس مجھے دکھاؤ کہ اس کے سوا تمہارے معبودوں نے کیا پیدا کیا ہے؟)

(سورۃ لقمان : 11)

یہ حقیقت واضح کرتی ہے کہ کائنات کے اسرار اور پیچیدگیاں محض سائنسی دریافتیں نہیں، بلکہ خالقِ کائنات کی قدرت کے مظاہر ہیں۔ ہر نئی دریافت انسان کو اللہ کی عظمت اور اس کی تخلیق کے اسرار میں مزید غوطہ زن کرتی ہے۔

بلیک ہولز کے گرد موجود مادہ، ایک فلکیاتی معما

کائنات کے سب سے پراسرار مظاہر میں سے ایک بلیک ہول کا وجود، اس کے گرد موجود گرد و غبار، پلازما اور شدید کشش کی لپیٹ میں آئے ہوئے اجسام کا پیچیدہ نظام انسانی فہم کے لیے ایک نہ ختم ہونے والی حیرت کا سامان ہے۔ یہ وہ مقام ہے جہاں طبیعیات کے روایتی اصول اپنی حد کو پہنچ کر حیران کن امکانات میں ڈھل جاتے ہیں۔ جمیز ویب اسپیس ٹیلی سکوپ نے بلیک ہولز کے گرد موجود مادے کی غیر معمولی تفصیلات فراہم کی ہیں، جنھوں نے فلکیات دانوں کو ایک نئی دنیا کے دروازے پر لا کھڑا کیا ہے۔

اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے

پس میں قسم کھاتا ہوں ان تاریک ہو جانے والے، پس پردہ چلے جانے والے سیاروں کی

(سورۃ التکویر : 15-16)

یہ آیت مبارکہ اس حقیقت کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ کائنات میں کچھ ایسے اجسام بھی ہیں جو نہ صرف اپنی موجودگی کو چھپائے رکھتے ہیں بلکہ اپنی شدید کشش کی بدولت روشنی کو بھی قید کر لیتے ہیں، جس کا سائنسی ثبوت بلیک ہولز کی صورت میں ہمارے سامنے آیا ہے۔

بلیک ہول کے گرد موجود مادہ، کشش، درجہ حرارت اور روشنی کا رقص

بلیک ہول کے گرد جو مادہ، گیس اور توانائی مجتمع ہوتی ہے، اسے ایکریشن ڈِسک کہا جاتا ہے۔ یہ وہ مقام ہے جہاں مہیب کشش ثقل تمام اجسام کو اپنی گرفت میں لے کر دیوانہ وار گردش پر مجبور کر دیتی ہے، جس کے نتیجے میں بے پناہ درجہ حرارت پیدا ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے

(قسم ہے اس آسمان کی جو پلٹانے والا ہے)

(سورۃ الطارق : 11)

یہ آیت ایک ایسے کائناتی اصول کی جانب اشارہ کرتی ہے جہاں ہر شے کسی نہ کسی صورت میں پلٹ کر اپنے منبع کی جانب لوٹتی ہے۔ بلیک ہولز کے گرد موجود مادہ بھی ایک خاص کشش کے تحت گھومتا، بلند درجہ حرارت پر چمکتا اور بالآخر بلیک ہول میں گر کر فنا ہو جاتا ہے۔

جمیز ویب ٹیلی سکوپ نے اس ایکریشن ڈِسک کے اندرونی اور بیرونی حصوں کو حیرت انگیز تفصیلات کے ساتھ واضح کیا ہے، جہاں درجہ حرارت کئی ملین ڈگری سیلسیئس تک جا پہنچتا ہے۔ یہ مادہ مختلف طولِ موج پر

شدید الیکٹرو میگنیٹک ریڈی ایشن خارج کرتا ہے، جو ہمیں دور دراز کہکشاؤں کے مرکز میں روشن دھبوں کی صورت میں دکھائی دیتا ہے۔

روشنی کا قیدی مادہ، فوٹون اسفیئر اور ریڈی ایشن ببلز

بلیک ہول کے گرد ایک مقام ایسا بھی آتا ہے جہاں روشنی کی کرنیں بھی قید ہو کر رہ جاتی ہیں، اسے فوٹون اسفیئر کہا جاتا ہے۔ یہ ایک ایسا حلقہ ہے جہاں سے گزرنے والی روشنی نہ تو فرار ہو سکتی ہے اور نہ ہی سیدھے راستے پر برقرار رہ سکتی ہے، بلکہ بار بار جھک کر ایک دائرے میں محوِ گردش رہتی ہے۔

قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

(اور ہم نے رات کو پردہ بنا دیا)

(سورۃ النبأ: 10)

یہ حقیقت بلیک ہولز کی تاریکی اور اس کے گرد روشنی کے چھپ جانے کے سائنسی نظریے کے عین مطابق ہے۔

ریلاٹیویٹی اور مادے کی حدیں

آئین سٹائین کے نظریۂ اضافیت کے مطابق، جب کوئی شے بلیک ہول کے قریب پہنچتی ہے تو وقت کی رفتار بدلنے لگتی ہے۔ جو مادہ بلیک ہول کی ایونٹ ہورائزن کے قریب ہوتا ہے، وہ ایک ایسے سفر پر نکل جاتا ہے. جس کا اختتام ہمیں ایک بے کراں تاریکی میں نظر آتا ہے۔

یہاں قرآن کی ایک اور آیت مبارکہ روشنی ڈالتی ہے

"اللّٰہُ نُورُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ مَثَلُ نُورِهِ كَمِشْكَاةٍ فِيهَا مِصْبَاحٌ"

(اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے، اس کے نور کی مثال ایسی ہے جیسے ایک طاق میں چراغ ہو)

(سورۃ النور: 35)

یہ آیت اس حقیقت کی نشاندہی کرتی ہے کہ روشنی اور توانائی کی اصل حقیقت صرف اللہ کے علم میں ہے، جبکہ انسان ابھی تک اس کے مظاہر کو دریافت کرنے میں سرگرداں ہے۔

نتیجہ، ایک کائناتی راز کا پردہ چاک ہوتا ہوا

جمیز ویب ٹیلی سکوپ نے بلیک ہولز کے گرد موجود مادے کے بارے میں جو تفصیلات فراہم کی ہیں، وہ ہماری فلکیاتی تفہیم کو نہ صرف وسعت دیتی ہیں بلکہ ان ماورائی قوانین کی نشاندہی کرتی ہیں جو اب تک ہماری نظروں سے پوشیدہ تھے۔

یہ دریافتیں نہ صرف کائینات کی تخلیق کے بارے میں ہمارے نظریات کو مزید گہرا کرتی ہیں بلکہ اس ابدی حقیقت کی طرف بھی اشارہ کرتی ہیں کہ یہ سب کسی اتفاقیہ حادثے کا نتیجہ نہیں بلکہ خالقِ کائینات کی حکمت و قدرت کا مظہر ہے۔

(وہی ہے جو تمہیں بجلی دکھاتا ہے، خوف اور امید کے ساتھ، اور وہی بھاری بادلوں کو اٹھاتا ہے)

(سورۃ الرعد : 12)

یہ آیت بھی اس حقیقت کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ کائینات کے اندر تمام مظاہر کسی خاص الٰہی تدبیر کے تحت جاری و ساری ہیں۔ بلیک ہولز کے گرد موجود مادہ، اس کا شدید درجہ حرارت، اس کی عجیب و غریب حرکات اور اس کے اثرات ہماری محدود سائینسی فہم کو چیلنج کرنے کے ساتھ ساتھ ہمیں غور و فکر کی دعوت دیتے ہیں کہ یہ سب کچھ کسی اندھی طاقت کے بس کی بات نہیں بلکہ ایک عظیم خالق کی صناعی کا کرشمہ ہے۔

بگ بینگ اور قرآن الحکیم : ایک سائینسی و قرآنی مطالعہ

کائینات کے آغاز اور اس کی وسعت کے متعلق انسانی جستجو ازل سے جاری ہے۔ جدید سائنس میں بگ بینگ تھیوری کو کائینات کی تخلیق کی سب سے مستند وضاحت سمجھا جاتا ہے۔ یہ نظریہ بیان کرتا ہے کہ آج سے تقریباً 13.8 ارب سال قبل کائینات ایک انتہائی کثیف اور گرم نقطے سے وجود میں آئی اور تب سے مسلسل پھیل رہی ہے۔ حیرت انگیز طور پر، قرآن مجید جو کہ چودہ سو سال قبل نازل ہوا، اس میں ایسے کئی اشارات ملتے ہیں جو اس سائینسی نظریے سے ہم آہنگ معلوم ہوتے ہیں۔

بگ بینگ کا سائنسی جائزہ

بگ بینگ کے مطابق، تمام مادی اجزاء، توانائی، وقت اور خود مکان ایک بے حد چھوٹے، کثیف اور گرم نقطے میں مجتمع تھے۔ ایک عظیم دھماکے کے بعد، یہ ساری توانائی اور مادہ ایک زبردست رفتار سے پھیلنے لگا، جس کے نتیجے میں ابتدائی ذرات، نیوکلیائی ردِ عمل، اور پھر کہکشائیں، ستارے اور سیارے تشکیل پانے لگے۔ یہ نظریہ ہبل کے قانون، کاسمک مائیکروویو بیک گراؤنڈ ریڈی ایشن اور کیمیائی عناصر کی ابتدائی ترکیب جیسے شواہد پر مبنی ہے۔

قرآن میں بگ بینگ کے اشارات

"أَوَلَمْ يَرَ ٱلَّذِينَ كَفَرُوٓا۟ أَنَّ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنَٰهُمَا وَجَعَلْنَا مِنَ ٱلْمَآءِ كُلَّ شَىْءٍ حَىٍّ أَفَلَا يُؤْمِنُونَ"

(سورۃ الأنبياء، آیت 30)

کیا کافروں نے نہیں دیکھا کہ آسمان اور زمین آپس میں جڑے ہوئے تھے، پھر ہم نے انہیں جدا کر دیا، اور ہم نے ہر زندہ چیز کو پانی سے پیدا کیا، تو کیا وہ ایمان نہیں لاتے؟

یہ آیت بگ بینگ تھیوری کے بنیادی تصور سے غیر معمولی مماثلت رکھتی ہے۔ سائنسی نظریہ بھی یہی کہتا ہے کہ ابتدا میں تمام مادہ اور توانائی ایک نقطے میں مرتکز تھی، اور پھر ایک عظیم دھماکے کے نتیجے میں یہ سب جدا ہوا۔ قرآن میں استعمال ہونے والا لفظ رتق کا مطلب ہے جڑا ہوا یا ایک اکائی، اور فتق کا مطلب ہے کھول دینا یا الگ کرنا۔ یہ بالکل بگ بینگ کی وضاحت معلوم ہوتی ہے۔ بگ بینگ تھیوری کے مطابق کائنات اب بھی مسلسل پھیل رہی ہے، جس کی تصدیق 1929ء میں ایڈون ہبل نے کی تھی۔

بگ بینگ کے بعد ابتدائی کائینات میں روشنی نہیں تھی، کیونکہ ایٹمز ابھی مکمل طور پر وجود میں نہیں آئے تھے۔ ابتدائی کائینات ایک کثیف، دھندلی اور تاریک گیس کے بادل سے بھری ہوئی تھی، جو بعد میں ٹھنڈی ہو کر کہکشانی ساخت میں ڈھلنے لگی۔

قرآن اس کیفیت کو ان الفاظ میں بیان کرتا ہے

پھر وہ آسمان کی طرف متوجہ ہوا جبکہ وہ دھواں تھا، پس اس سے اور زمین سے فرمایا کہ خوشی یا ناخوشی سے چلے آوَ، دونوں نے کہا، ہم بخوشی حاضر ہیں۔ (سورۃ فصّلت، آیت 11)

یہ دُخان (دھواں) کا ذکر ابتدائی کائینات کی اس دھندلی اور گیس بھری حالت کی طرف اشارہ کرتا ہے، جسے جدید سائنس کہتی ہے، جو ستاروں اور کہکشاؤں کے بننے سے پہلے موجود تھی۔

بگ بینگ تھیوری آج سائنسی دنیا میں ایک تسلیم شدہ حقیقت ہے، مگر قرآن نے چودہ سو سال پہلے ہی کائینات کے آغاز، اس کے پھیلاوَ، اور اس کی ابتدائی حالت کا ذکر کر دیا تھا۔

کائناتی تفکر اور انسان کی ذمے داری

یہ تمام دریافتیں اس بات کا ثبوت ہیں کہ کائنات میں کوئی چیز بھی بے مقصد نہیں۔ ہر ستارہ، ہر کہکشاں، ہر سیارہ ایک منظم حکمت کے تحت گردش کر رہا ہے اور انسان کو ان مشاہدات سے سبق حاصل کرنا چاہیے۔ اگرچہ سائنسی ترقی نے ان رازوں کو کچھ حد تک بے نقاب کر دیا ہے مگر اصل سوال یہی ہے کہ کیا انسان ان نشانیوں سے کوئی بصیرت حاصل کرے گا یا نہیں۔

قرآنِ حکیم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

اور وہی ہے جس نے آسمان اور زمین کو برحق پیدا کیا اور جب وہ کسی چیز کا فیصلہ کرتا ہے تو بس اسے کہتا ہے ہو جا پس وہ ہو جاتی ہے ، سورہ انعام ، 73

یہ حیرت انگیز مشاہدات ہمیں نہ صرف کائنات کی وسعتوں کا علم دیتے ہیں بلکہ اس کائناتی نظام کے پس پردہ کارفرما عظیم حکمت کی نشان دہی بھی کرتے ہیں۔ کیا انسان محض ان سائنسی حقائق پر غور کرے گا یا ان سے آگے بڑھ کر اس خالق کے وجود کو بھی پہچانے گا جو ان سب کو تخلیق کرنے والا ہے۔

نظم، تغیرِ ابدی و ثباتِ لامکاں

کہاں ہے ازل، کونسا ہے ابد؟
یہ سب وہمِ ہستی، یہ موہوم حد!
یہ لمحے، یہ صدیاں، یہ گردش، یہ پل
فقط اک تماشا، فقط اک خلل

یہ ساعت، یہ صدیاں، یہ دورِ رواں
یہ سب ہے مجازی، حقیقت کہاں؟
مکاں ایک سایہ، زماں ایک خواب
نہ کوئی سراغ اور نہ کوئی حساب

کہیں وقت ٹھہرا، کہیں دوڑتا
کہیں منجمد ہے، کہیں چھوڑتا
وہ لمحہ جو گزرا، تھا موجود کب؟
یہ سب فانی صورت، یہ سب ہے عجب

یہ گردابِ ہستی، یہ گردش کا راز
کہیں راہِ کہنہ، کہیں نو آغاز
وہی عیسیٰ وقت، وہی رفع نور
نہ لمحہ یہ گزرے، نہ بدلے ظہور

یہی وقت ہے، جو ہے بے انتہا
نہ آغاز اس کا، نہ کوئی فنا
یہ جتنا بھی بہتا ہے دریا کا سا
ہے ساکن مگر وہی قطرہ وراہ

ذرا سوچو سالک، کہ تُو ہے کہاں؟
تری زیست کیا ہے؟ ترا کارواں؟
یہ سب ہے سرابِ خیال و شعور
یہ سب ہے حقیقت محض ایک دور!

نبی اکرم ﷺ، امام المرسلین اور خاتم النبیین کی شان میں عظمت و کمال

اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ، وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ، إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ،

اللَّهُمَّ بَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ، وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ، وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ، إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ

نبی اکرم ﷺ کی شان کا بیان نہ صرف لفظوں کی طاقت کا متقاضی ہے، بلکہ یہ انسان کی عاجزی اور عقل کی محدودیت کی حدود کو بھی چھوتا ہے۔ آپ ﷺ کی ذاتِ اقدس میں خدا کی حکمت اور رحم کا ایسا جلوہ نظر آتا ہے کہ وہ تمام کائنات کی تمام تر جلیل القدر ہستیوں سے بلند و بالا ہیں۔ آپ ﷺ کی شخصیت میں ایسے مراتب کی پرواز ہے کہ ان تک رسائی انسان کے ادراک کی دسترس سے باہر ہے، اور یہ وہ عظمت ہے جس پر صرف سکوت اور تعظیم کا جواب ہو سکتا ہے۔

آپ ﷺ کی حیثیت انبیاء کے امام اور سردار ہونے کی ہے؛ آپ وہ ہستی ہیں جن کی عظمت کا آغاز ہی نہ تھا اور نہ ہی اس کا اختتام ممکن ہے۔ تمام انبیاء اور مرسلین کی رہنمائی کا مقصد ایک ہی نقطے پر مرکوز تھا، اور وہ نقطہ تھا محمد ﷺ۔ آپ ﷺ کی نبوت کا تاج تمام آسمانی ہدایتوں کا سنگِ میل ہے، آپ ﷺ کی آمد نے دنیا کی تقدیر کو ایک نئی سمت عطا کی، جہاں ہر ذرہ اور ہر گوشہ آپ کی رہنمائی کا منتظر تھا۔

آپ ﷺ کے کمالات کا بیان کرنے والی زبانیں تھک جاتی ہیں، دلوں کی تو بات ہی اور ہے کہ وہ آپ ﷺ کی شان میں کمالِ محبت اور عقیدت کے نغمے گاتے نہیں تھکتے۔ آپ ﷺ کا نور نہ صرف یہ کہ پوری کائنات میں پھیل چکا ہے، بلکہ آپ کے نور کا دروازہ اس عالمِ کبریائی تک پہنچتا ہے جس تک نہ تو عقل کا پہنچنا ممکن ہے اور نہ ہی کسی کی زبان کو اس کی حقیقت کا پورا ادراک ہو سکتا ہے۔

آپ ﷺ کے مقام کا ذکر کرتے ہوئے کہا جا سکتا ہے کہ آپ خاتم النبیین ہیں؛ آپ وہ نبی ہیں جن کی نبوت کا سلسلہ قیامت تک کے لیے بند ہو گیا۔ آپ کی آمد تمام انبیاء کے بعد سب سے آخری پیغام لے کر آئی، اور اس کے ساتھ ہی دنیا کے تمام فکری، روحانی، اور معاشرتی خلا کو پر کر دیا۔ آپ کی نبوت کا پیغام ہر زمانہ و مکان کے انسانوں کے لیے ہے، یہ آپ کی عالمگیر اور آفاقی حیثیت کی دلیل ہے۔ آپ کے بعد کسی نبی کی آمد نہ ہوئی اور نہ ہی ممکن ہے، کیونکہ آپ ﷺ کی نبوت اور رسالت تمام تر انسانی حاجات کا مکمل جواب ہے۔

تمام انبیاء کے امام ہونے کا مفہوم صرف یہ نہیں کہ آپ ﷺ کی رہنمائی میں مکمل آسمانی پیغامات کا ظہور ہوا، بلکہ اس کا مفہوم یہ بھی ہے کہ آپ ﷺ کے افعال، اقوال اور ہر عمل میں اللہ کی حکمت اور شریعت کا ہر پہلو شامل ہے، جو انسان کی روحانی ترقی کے تمام مراحل کا احاطہ کرتا ہے۔ آپ ﷺ کا مقام جتنا بلند ہے، اتنی ہی گہرائی میں آپ کی تعلیمات کا اثر ہے، جو آج بھی انسانیت کے لیے رہنما ہے۔

آپ ﷺ کی شخصیت میں وہ برکات اور وہ نور موجود ہیں، جو تمام جہانوں کا منبع ہیں۔ آپ کی جود و سخا کا انداز ایسا ہے کہ کسی بھی سوال کا جواب آپ کی زندگی میں ملتا ہے۔ آپ کے افعال کی شان اتنی عمیق ہے کہ اس کا کوئی مشابہ نہیں ملتا۔ آپ کی رہنمائی کی روشنی اتنی پائیدار ہے کہ اس سے روشنی حاصل کرنے والوں کے دل کبھی بھی تاریکی میں نہیں ڈوبتے۔

آپ ﷺ کی شان میں یہ کہنا کہ آپ تمام انبیاء کے امام اور سردار ہیں، ایک ایسا بیان ہے جو کسی بھی لفظ یا جملے میں مکمل طور پر نہیں سماتا، کیونکہ آپ ﷺ کا مقام اور مرتبہ ہر توہین سے بالاتر ہے۔ آپ ﷺ کی عظمت کو صرف وہی سمجھ سکتے ہیں جو حقیقتِ محمد ﷺ کے نور کو دل کی گہرائیوں سے محسوس کرتے ہیں۔

سرابِ ادراک و تسخیرِ امکاں

ماورائیت کے دائرے میں محوِ گردش، میں خواب کی ناپید گہرائیوں میں اترا تو ایک انجانی سرزمین پر خود کو پایا۔ یہ کوئی معمولی خطۂ خاک نہ تھا بلکہ ایک ایسی اجنبی دنیا تھی جہاں نہ سبزہ تھا، نہ کوئی زلالِ آب، نہ کوئی نغمہ سنج پرندہ، نہ کوئی سرسبز درخت۔ ہر سمت خاکستری ریت کے بے کراں ٹیلے، دھند میں لپٹے افق اور دھوپ کی خون آشام تمازت تھی۔

فضا بوجھل تھی جیسے صدیوں سے ہوا کا گذر نہ ہوا ہو۔ یہاں آسمان ایک دہکتے ہوئے سرخ کتبے کی مانند تھا، جس پر کوئی بادل نہ تھا اور نہ ہی کوئی نسیم رواں تھی جو پیاس کی شدت میں کمی کرتی۔ میں ایک تاریک، بے نور غار میں پناہ گزیں تھا جو کسی قدیم داستان کا بھولا بسرا ورق معلوم ہوتا تھا۔ اس کے سرد پتھریلے در و دیوار پر عجیب و غریب نقوش کندہ تھے، جو کسی نامعلوم تمدن کے آثار دکھائی دیتے تھے۔ میرے حلق میں تپتے ہوئے انگارے سلگ رہے تھے۔ پانی کی طلب میرے حواس پر حاوی ہو رہی تھی، اور میں اس پیاس کے ہاتھوں مجبور ہو کر غار سے باہر نکلا۔ نظر دوڑائی تو کہیں دور ایک عظیم الجثہ پہاڑ کی دوسری جانب نیلی روشنی سی جھلملاتی دکھائی دی، گویا وہاں آبِ حیات کا کوئی چشمہ موجزن ہو۔ میں نے اپنے نحیف مگر بے قرار قدموں کو اس سمت بڑھایا۔

راستہ دشوار تھا، ریگزار کی سلگتی ہوئی ریت میرے پیروں کو جلا رہی تھی۔ ہر قدم جیسے کسی آزمائش سے کم نہ تھا، مگر پیاس کی شدت اور اس نیلگوں روشنی کی کشش مجھے رکنے نہیں دے رہی تھی۔ طویل مسافت کے بعد، میں اس دیو ہیکل پہاڑ کے دامن تک پہنچا۔

یہ پہاڑ زمین کے دیگر کوہساروں سے مختلف تھا۔ اس کی سطح کسی قدیم آتش فشاں کے جمود کا پتہ دے رہی تھی، جیسے ہزاروں برس قبل اس کے اندر بھڑکتی ہوئی آگ منجمد ہو چکی ہو۔ میں نے چوٹی پر پہنچنے کے لیے

صعود شروع کیا۔ راستہ دشوار تر ہوتا گیا، مگر میری جستجو کم نہ ہوئی۔ بالآخر میں اس چوٹی پر جا پہنچا، اور جو منظر میرے سامنے تھا، اس نے میرے ادراک کو لرزا دیا۔

نیچے ایک سر سبز وادی تھی، مگر یہ عام وادیوں کی طرح نہ تھی۔ درخت بلوریں پتے لیے کھڑے تھے، پانی نیلے چمکدار ذرّات سے لبریز تھا، اور عجیب الخلقت مخلوقات اس فضا میں محوِ پرواز تھیں جنہیں میں نے کبھی کسی کتاب میں پڑھا اور نہ کسی خیال میں تصور کیا۔ ان کے جسم شفاف تھے، ان کی حرکات میں ایک ماورائی لطافت تھی، اور ان کی آنکھوں میں وہ راز پوشیدہ تھے جو شاید کسی بھی انسانی ذہن کی گرفت میں نہ آسکتے۔

میں حیران و پریشان نیچے اترا اور پانی کے قریب جا کر اپنا ہاتھ اس میں ڈالا۔ پانی یخ بستہ تھا مگر اس میں ایک غیر مرئی توانائی کی حرارت بھی تھی۔ جیسے ہی میری انگلیاں اس میں مدغم ہوئیں، ایک لہر سی میرے وجود میں سرایت کر گئی اور میرے سامنے وقت کی سرحدیں دھندلانے لگیں۔

میں نے گردن گھمائی تو میرے عقب میں ایک ہلکی نیلگوں روشنی میں لپٹی ہوئی ہستی ایستادہ تھی۔ اس کا قد کشیدہ تھا، آنکھوں میں روشنی کی جھلک تھی، اور اس کا جسم گویا ہوا میں تحلیل ہونے کے قریب تھا۔

وہ مجھے بغور دیکھ رہی تھی، جیسے میرے وجود کے ہر ذرے کو پرکھ رہی ہو۔

مجھے لگا جیسے میرے شعور میں کوئی نرم مگر پرشکوہ صدا ابھری ہو۔

تم یہاں کیوں آئے ہو

میں لرزیدہ آواز میں بولا، میں نہیں جانتا، شاید میں خواب میں ہوں یا کسی ناقابلِ فہم حقیقت میں

وہ ہستی مسکرائی۔ خواب اور حقیقت کی سرحد صرف تمہاری دنیا کے لیے ہے، یہاں یہ دونوں ایک ہی ہیں

میرے ذہن میں ہزاروں سوالات امڈ آئے۔ میں نے پوچھا، کیا میں واحد انسان ہوں جو یہاں آیا ہے

وہ لمحہ بھر خاموش رہا، پھر گویا میرے شعور میں گونج پیدا ہوئی۔ تم اکیلے ہو مگر پہلے نہیں۔ کئی آئے مگر نہ ٹھہر سکے، کیونکہ ان کی آنکھیں دیکھنے کے قابل نہ تھیں

میں نے بے یقینی سے کہا، تمہارا مطلب کیا ہے

وہ گویا ہوا، تمہاری دنیا میں وقت اور مکاں ایک لکیر کی طرح ہے، یہاں یہ دائرے میں گردش کرتے ہیں۔ تم جو دیکھ رہے ہو وہ نہ حال ہے، نہ ماضی، نہ مستقبل۔ یہ سب ایک ہی لمحے میں مقید ہیں

میری روح جیسے کسی نامعلوم خوف میں جکڑ گئی۔ کیا میں واپس جا سکوں گا

وہ مسکرایا۔ واپس کہاں، جب تم یہاں ہمیشہ سے ہو

اچانک میری آنکھ کھل گئی۔ میں پسینے میں شرابور تھا، میرا سانس تیز تھا، دل کسی انجانے ارتعاش میں لرز رہا تھا۔ میں اپنے کمرے میں تھا، ہر چیز اپنی جگہ موجود۔

یہ خواب تھا یا حقیقت، میں آج تک نہ جان سکا۔

محبت اور فلسفۂ حیات

کائنات اپنی بوقلمونی، وسعت اور نظم و ترتیب میں ایک لطیف مگر موثر قوت کی جلوہ گاہ ہے، جسے محبت کا نام دیا جاتا ہے۔ یہ جذبہ محض انسانی قلب کی واردات نہیں، بلکہ فلسفۂ حیات کے نہایت دقیق نکات کی کلید ہے۔ محبت ایک ہمہ جہت حقیقت ہے، جو شعورِ انسانی کی گہرائیوں میں اتر کر ایک اعلیٰ تر ادراک کی جانب رہنمائی کرتی ہے۔

محبت، ازلی حقیقت یا سرابِ تخیل

عہدِ قدیم سے لے کر دورِ جدید تک، مفکرین نے محبت کو مختلف جہات سے دیکھا اور پرکھا ہے۔ بعض نے اسے محض ایک نفسیاتی تفاعل گردانا، جبکہ بعض نے اسے الٰہی تجلیات کی جھلک قرار دیا۔ مادی فلسفہ اس جذبے کو محض ایک حسیاتی یا کیمیائی تعامل سے تعبیر کرتا ہے، مگر کیا محبت کی بے خودی، اس کی وارفتگی اور اس کا بے لوث ایثار محض عصبی تحریکات اور دماغی کیمیا کا نتیجہ ہے؟

اگر محبت فقط حیاتیاتی مظہر ہوتی تو وہ عروجِ جنون، وہ شعری لطافت، وہ جذب و مستی، وہ فکری معراج اور وہ قربانی و ایثار جو انسانی تاریخ میں ثبت ہے، کہاں سے آتی؟ محبت کی حقیقت اس سے کہیں زیادہ گہرائی رکھتی ہے۔ یہ عقل و وجدان کا اتصال ہے، یہ قلب و روح کی ہم آہنگی ہے، یہ وہ اسرار ہے جس کے بغیر انسان اپنی ذات کے معنی و مفہوم سے بھی محروم ہو جاتا ہے۔

محبت اور کائناتی نظم

کائنات کی ساخت پر غور کیا جائے تو محبت کی ایک لطیف جھلک ہر شے میں دکھائی دیتی ہے۔ ستاروں کی کشش، سیاروں کی محوری اور مداری گردش، کہکشاؤں کا پھیلاؤ، اور عناصر کا باہمی ربط، یہ سب اس بات کی دلیل ہیں کہ تخلیق کی اساس کسی بے روح جمود پر نہیں بلکہ ایک لطیف مگر موثر ہم آہنگی پر قائم ہے۔

قرآنِ حکیم میں بھی اس روحانی ربط اور محبت کی تجلی کو یوں بیان کیا گیا ہے

اور اس کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ اس نے تمہارے لیے تمہاری جنس سے جوڑے پیدا کیے تاکہ تم ان سے سکون حاصل کرو اور تمہارے درمیان محبت اور رحمت رکھ دی، بے شک اس میں غور و فکر کرنے والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔ سورہ روم، آیت 21

یہ آیت نہ صرف ازدواجی تعلقات بلکہ کائناتی نظم و ضبط کی ایک عمومی حقیقت پر بھی دلالت کرتی ہے کہ ہر مخلوق کے درمیان ایک غیر محسوس کشش موجود ہے جو ایک دوسرے کی تکمیل کا باعث بنتی ہے۔

محبت، اضطراب، سکون اور جنون

محبت ایک ایسا جذبہ ہے جو کئی مدارج اور کیفیات سے گزرتا ہے۔ اس کے مختلف رنگ اور پیرائے ہیں جو انسانی حیات کے مختلف مراحل میں نمایاں ہوتے ہیں۔

حساس محبت : والدین، اولاد، بہن بھائی، اور دوستوں کے درمیان موجود جذبہ، جو انس، التفات اور قربت کا باعث بنتا ہے۔

جنونی محبت : ایک ایسی کیفیات جس میں عاشق اپنی ہستی مٹا کر محبوب میں فنا ہونے کی تمنا کرتا ہے۔ یہی وہ

جذبہ ہے جو شاعری، تصوف، اور ادب کا بنیادی محرک ہے۔

روحانی محبت: وہ عشق جو انسان کو مادی آلائشوں سے نکال کر ایک اعلیٰ تر حقیقت سے جوڑ دیتا ہے۔ صوفیہ اسے عشقِ حقیقی سے تعبیر کرتے ہیں۔

محبت میں صبر، ایثار اور قربانی کا فلسفہ

محبت میں سب سے عجیب حقیقت یہ ہے کہ یہ ہمیشہ وصل کی نوید نہیں دیتی، بلکہ بعض اوقات ہجر، صبر اور ایثار کا تقاضا بھی کرتی ہے۔ یہی وہ لمحہ ہے جب محبت کا کمال قربانی میں ظاہر ہوتا ہے۔

قربانی کی حقیقت کائنات میں ہر طرف نظر آتی ہے۔ سورج اپنی توانائی کو صرف کر کے زندگی کو برقرار رکھتا ہے، سمندر بادلوں کی تخلیق کے لیے بخارات میں تبدیل ہوتا ہے، اور ماں اپنی راحتوں کو تج کر اولاد کے لیے اپنا وجود وقف کر دیتی ہے۔ یہی اصول محبت میں کارفرما ہے کہ جو محبت قربانی کا جوہر نہیں رکھتی، وہ محض ایک دھوکہ ہے۔

قرآنِ حکیم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

تم ہر گز بھلائی کو نہ پہنچو گے جب تک وہ چیز نہ خرچ کرو جسے تم عزیز رکھتے ہو،

سورہ آل عمران، آیت 92

یہ اصول محبت میں بھی کارگر ہے۔ سچی محبت وہی ہوتی ہے جس میں انسان اپنی خواہشات کو محبوب کی مسرت پر قربان کرنے کو تیار ہو۔ یہی وہ نکتہ ہے جہاں محبت کا ادراک فلسفہ بن جاتا ہے اور فلسفہ حقیقت کی روشنی میں ڈھل جاتا ہے۔

محبت اور عقل کا رشتہ

کیا محبت محض ایک فطری جذبہ ہے یا یہ عقل کا ایک مدبرانہ فیصلہ بھی ہو سکتا ہے؟ یونانی فلسفہ میں محبت کو کئی اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے، جہاں افلاطون نے اسے جسمانی خواہش سے بلند تر ایک روحانی ارتقا قرار دیا۔ جدید نفسیاتی تحقیق اسے حیاتیاتی تعامل کے تناظر میں دیکھتی ہے، مگر سوال یہ ہے کہ کیا محبت کی گہرائی کو محض ایک کیمیائی تعامل میں سمیٹا جا سکتا ہے؟

اگر محبت فقط ایک دماغی تعامل ہوتی، تو پھر وہ صدیاں پرانی داستانیں، وہ قافیہ بند شاعری، وہ فنا کا تصور، وہ وصل کی آرزو اور ہجر کے آنسو، یہ سب بے معنی ہو جاتے۔ محبت کی حقیقت یہ ہے کہ یہ صرف ایک احساس نہیں، بلکہ ایک مکمل طرزِ فکر اور حیات ہے جو انسان کو خودی، ایثار اور معرفت کی بلندیوں پر لے جا سکتی ہے۔

محبت اور عرفانِ حقیقت

محبت اگر صحیح سمت میں گامزن ہو، تو یہ انسان کو حقیقتِ مطلق تک پہنچا سکتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مذاہب میں محبت کو اعلیٰ ترین مقام حاصل ہے۔ صوفیہ کے ہاں محبت خدا تک پہنچنے کا سب سے مؤثر ذریعہ ہے، اور تمام اخلاقی تعلیمات کی اساس اسی جذبے پر قائم ہے۔

وہ لوگ جو ایمان لائے، سب سے زیادہ اللہ سے محبت کرتے ہیں

سورہ بقرہ، آیت 165

یہ حقیقت ثابت کرتی ہے کہ محبت وہ آفاقی قوت ہے جو انسان کو اس کی اصل حقیقت سے روشناس کراتی ہے اور اسے اپنے تخلیقی مقصد کے قریب لے جاتی ہے۔

محبت محض ایک جذبہ نہیں، بلکہ ایک فلسفیانہ اور کائناتی اصول ہے جو انسان کو معنویت عطا کرتا ہے۔ یہ وہ قوت ہے جو دلوں کو تسخیر کرتی ہے، ذہنوں کو وسعت بخشتی ہے اور روحوں کو بالیدگی عطا کرتی ہے۔ اگر انسان محبت کے اصل مفہوم کو سمجھ لے، تو نہ صرف وہ اپنی ذات کے اسرار جان سکتا ہے بلکہ کائنات کے رموز کو بھی پا سکتا ہے۔ کیا انسان اس محبت کو پہچاننے کی صلاحیت رکھتا ہے جو ہر ذرہ، ہر شے اور ہر رشتے میں موجود ہے، یا وہ محض دنیاوی علائق میں الجھ کر اس حقیقت سے محروم رہے گا؟

عشق کی کیفیات اور اس کا نفسیاتی زاویہ

عشق انسان کی روح کا ایک پیچیدہ اور متنوع تجربہ ہے، جو محض ایک سطحی جذباتی رد عمل نہیں بلکہ ایک گہرا اور ہمہ گیر اندرونی تحول ہے۔ یہ ایک ایسا جذبہ ہے جو انسان کو اپنی ذات سے باہر لے جا کر کسی دوسرے شخص یا کسی متعین مقصد میں گم کر دیتا ہے، یہاں تک کہ وہ اپنے احساسات، خیالات اور اعمال کو مکمل طور پر اس میں ضم کر لیتا ہے۔ عشق کی حقیقت کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم اس کی مختلف کیفیات اور نفسیاتی اثرات کو گہرائی سے جانچیں۔

عشق کی ابتدائی کیفیات، وجدانی احساسات اور آفاقی تعلقات

عشق کا آغاز عموماً ایک لطیف، نازک اور نہایت گہری کیفیات سے ہوتا ہے۔ جب ایک انسان محبوب کے خیال یا موجودگی کا احساس کرتا ہے، تو اس کی روح میں ایک نئے جہان کا دروازہ کھلتا ہے۔ یہ کیفیت نہ صرف عاطفی ہے بلکہ یہ روح کی سطح پر بھی ایک تبدیلی پیدا کرتی ہے۔ اس ابتدائی احساس میں ایک سکون اور ایک اعلیٰ جذبے کا غلبہ ہوتا ہے، جس میں انسان خود کو اس سے باہر کی دنیا سے آزاد اور مکمل طور پر محبوب کی موجودگی میں محسوس کرتا ہے۔

یہ تجربہ اس قدر لطیف ہوتا ہے کہ انسان کا ذہن و دماغ بھی اپنے تمام جذبات و احساسات میں محض محبوب کی آرزو میں محو ہو جاتا ہے۔ ایسے میں عاشق اپنے دل و دماغ کی زبان کو مکمل طور پر محبوب کی خاطر وقف کر دیتا ہے۔ محبوب کی مسکراہٹ، آواز، نگاہ، ہر حرکت میں ایک سحر ہوتا ہے، جو عاشق کے دل میں محبت کی آگ کو مزید بھڑکاتا ہے۔ یہاں تک کہ عاشق کی پوری دنیا اس لمحے میں چھوٹی ہو کر صرف ایک نقطے میں مرکوز ہو جاتی ہے، اور وہ نقطہ محبوب کی موجودگی بن جاتا ہے۔

عشق کی شدت اور اضطراب، روح کی بے چینی

جب عشق کی شدت بڑھتی ہے، تو یہ عاشق کی روح میں اضطراب، بے چینی اور خواہش کی ایک شدت پیدا کر دیتی ہے۔ اس میں ایک طرف تو دل کی امنگیں اور امیدیں ہیں، لیکن دوسری طرف ایک شدید خوف اور بے یقینی کا عنصر بھی موجود ہوتا ہے۔ جب محبوب دور ہو یا اس کی جانب سے کوئی غیاب ہو، تو یہ بے چینی اپنی انتہاؤں کو چھوتی ہے۔ اس اضطراب میں انسانی ذہن میں بے شمار سوالات اور خدشات پیدا ہوتے

ہیں : کیا محبوب میری محبت کا جواب دے گا؟ کیا ہماری ملاقات ممکن ہوگی؟ اور اس انتظار میں محبوب کا غیاب دل کو بے حد دکھی کرتا ہے۔

عشق میں اضطراب اور بے چینی کی کیفیت ایک ایسی مہم کی طرح ہوتی ہے.جس میں ہر لمحہ ایک نئی امید اور نئی تکلیف کی جڑ ہوتی ہے۔ یہ کیفیت کسی بھی عاشق کے لیے ایک نفسیاتی آزمائش بن جاتی ہے، جہاں وہ اپنے اندر کے خوف اور پریشانیوں کو تحمل کے ساتھ برداشت کرتا ہے، کیونکہ اسے یقین ہوتا ہے کہ محبوب کی موجودگی میں سکون اور تکمیل ہے۔ یہ ایک مادی سکون نہیں بلکہ ایک روحانی سکون ہوتا ہے، جو انسان کی زندگی کے تمام پہلوؤں کو مکمل طور پر متاثر کرتا ہے۔

خودی کا زوال اور فنا کی تمنا

عشق کی شدت میں ایک ایسا مرحلہ بھی آتا ہے جب عاشق کی خودی ختم ہونے لگتی ہے۔ یہاں خودی کا زوال کوئی منفی یا بدترین چیز نہیں، بلکہ یہ ایک روحانی تصوف کی شکل میں سامنے آتا ہے۔ عاشق کی روح میں ایک ایسی کیفیت پیدا ہوتی ہے کہ وہ اپنے آپ کو محبوب کی مرضی اور خواہشات کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کرتا ہے۔ وہ اپنے آپ کو محبوب کی موجودگی میں گم کر دینے کی آرزو کرتا ہے، کیونکہ اسے یقین ہوتا ہے کہ محبوب کی محبت میں ہی اس کا وجود مکمل ہو سکتا ہے۔

یہ وہ مقام ہوتا ہے جب انسان اپنی تمام تر خواہشات اور آرزوؤں کو قربان کرنے کے لیے تیار ہوتا ہے۔ اس کی محبت کا اصل مقصد صرف محبوب کی رضا اور اس کے ساتھ یکجہتی ہوتی ہے۔ یہاں تک کہ وہ خود کو فنا کر دینے کی تمنا کرتا ہے، کیونکہ اس کے نزدیک محبوب کی محبت میں ہی اس کی حقیقت پوشیدہ ہوتی ہے۔ یہ

کیفیت انسان کی روحانی بلندی کی علامت بن جاتی ہے، جہاں وہ اپنی جسمانی اور نفسیاتی حیثیت کو مکمل طور پر ترک کر کے محبوب کی ذات میں غرق ہو جاتا ہے۔

عشق اور نفسیات، ذہنی و جسمانی اثرات

عشق انسان کے دماغی اور جسمانی نظام پر گہرے اثرات مرتب کرتا ہے۔ جب انسان محبت میں ڈوبتا ہے، تو اس کے دماغ میں کیمیائی ردعمل شروع ہو جاتے ہیں جو اس کی جذباتی کیفیات اور ذہنی کیفیت کو تبدیل کر دیتے ہیں۔ محبت کے جذبے میں مبتلا انسان کا دماغ زیادہ ڈوپامین اور سیروٹونن ہارمون پیدا کرتا ہے، جو خوشی اور سکون کا احساس پیدا کرتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی، آکسیٹوسن کا اخراج بھی ہوتا ہے، جو انسان کو محبوب کے قریب ہونے پر احساسِ سکون اور رشتہ داری کا بڑھاوا دیتا ہے۔

یہ تمام کیمیائی ردعمل عاشق کی جسمانی حالت پر بھی اثر ڈالتے ہیں۔ جسم میں توانائی کا ایک نیا بہاؤ آتا ہے اور دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے۔ بعض اوقات، یہ کیمیائی ردعمل اتنے شدید ہو جاتے ہیں کہ انسان کی جسمانی حالت میں واضح تبدیلیاں آ جاتی ہیں جیسے نیند کی کمی، بھوک کا خاتمہ یا جسمانی کمزوری کا سامنا۔ اسی طرح، محبت کی شدت میں انسان کے ذہن میں بے شمار خیالات اور تصورات بوجھ بن جاتے ہیں جو نہ صرف اس کی جسمانی بلکہ نفسیاتی حالت کو بھی متاثر کرتے ہیں۔

محبوب اور عاشق کے درمیان رشتہ، معشوقی اور محبت کا فلسفہ

عشق میں محبوب اور عاشق کے درمیان ایک خصوصی رشتہ قائم ہوتا ہے جو محض مادی تعلقات سے کہیں زیادہ گہرا اور پیچیدہ ہوتا ہے۔ محبوب کی حیثیت صرف ایک فانی فرد کی نہیں ہوتی بلکہ وہ ایک ایسی روحانی

حقیقت کی مانند ہوتا ہے جس سے عاشق کا تعلق بالکل مختلف نوعیت کا ہوتا ہے۔ محبوب کی موجودگی عاشق کی روح میں ایک نئی جرات پیدا کرتی ہے، اور اس کی زندگی کا مقصد محض محبوب کی رضا اور قربت حاصل کرنا بن جاتا ہے۔

یہ رشتہ ایک متوازن تعلق ہوتا ہے جس میں دونوں کے جذبات، خواہشات اور آرزوئیں آپس میں ہم آہنگ ہوتی ہیں۔ عاشق کا دل اپنے محبوب کی جانب مائل ہوتا ہے، جبکہ محبوب کی محبت میں عاشق کو سکون ملتا ہے۔ یہ رشتہ صرف جذباتی نہیں بلکہ نفسیاتی طور پر بھی انسان کی شخصیت کی تعمیر کرتا ہے۔ جب عاشق محبوب کے قریب ہوتا ہے، تو اس کی شخصیت میں ایک نیا رُخ آتا ہے۔

قرآنی تناظر میں عشق کی حقیقت

قرآن مجید میں اللہ کی محبت کو سچی محبت قرار دیا گیا ہے، اور یہ محبت ہر فانی محبت سے بلند تر اور پاکیزہ تر ہے۔ اس محبت میں انسان کی روح کی تکمیل اور حقیقت کی گہرائی چھپی ہوتی ہے۔ اللہ کی محبت انسان کی زندگی کا مقصد ہوتی ہے، اور اس محبت میں انسان ہر چیز سے بے نیاز ہو کر اپنے رب کے حکم میں راضی ہوتا ہے۔

کہہ دو اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری پیروی کرو، اللہ تم سے محبت کرے گا اور تمہارے گناہ معاف کرے گا۔ سورہ آل عمران، آیت 31

یہ آیت ہمیں اس بات کی طرف رہنمائی دیتی ہے کہ عشق کی اصل حقیقت اللہ کی رضا اور اس کی محبت میں پوشیدہ ہے۔ عشق کے حقیقی مفہوم کو سمجھنے کے لیے، انسان کو اپنے محبوب کی محبت میں غرق ہونے کی بجائے اللہ کی محبت میں سچائی اور یقین کے ساتھ غرق ہونا چاہیے۔

حتمی تجزیہ

عشق کی حقیقت اور اس کی نفسیاتی پیچیدگیوں کو سمجھنا ایک گہری اور شفاف نظر کی ضرورت ہے۔ یہ ایک ایسا جذبہ ہے جو انسان کی روح اور شخصیت کو پوری طرح تبدیل کر دیتا ہے۔ انسان جب محبوب کی محبت میں محو ہوتا ہے، تو اس کا دل ایک خاص سکون اور جوش سے بھر جاتا ہے، لیکن ساتھ ہی یہ ایک درد، اضطراب اور بے چینی کی کیفیت بھی پیدا کرتا ہے۔ یہی وہ حقیقت ہے جو انسان کی نفسیاتی اور روحانی تکمیل کے لیے ضروری ہے۔ اس میں سچائی، قربانی، اور محبت کی بے لوث کیفیت پوشیدہ ہے جو انسان کو اپنی حقیقت اور مقصد کے قریب لے آتی ہے۔

عشق، سراب یا حقیقت؟ (ایک مکالمہ)

کردار

حارث، ایک فلسفیانہ ذہن رکھنے والا مفکر، جو عشق کو محض ایک فریبِ حواس سمجھتا ہے۔

سلیم، ایک صوفی مزاج عاشق، جو عشق کو روح کی معراج گردانتا ہے۔

نیاز، ایک دنیوی عاشق، جو مجازی محبت کو ہی حقیقی تسکین سمجھتا ہے۔

منظر

چاندنی رات، ایک خاموش باغ، جہاں تینوں دوست ایک پرانے پتھر کے بینچ پر بیٹھے ہیں۔ چاندنی کی مدھم روشنی درختوں کے پتوں سے چھن کر نیچے گر رہی ہے۔ ہلکی ہوا میں رات کی رانی کی خوشبو پھیلی ہوئی ہے۔ دور کہیں کسی بلبل کی آہ و زاری سنائی دے رہی ہے۔

مکالمہ

حارث: (گہری سانس لیتے ہوئے)

یہ عشق آخر کیا بلا ہے؟ محض ایک کیمیاوی تفاعل؟ یا انسانی شعور کا خودساختہ سراب؟ کوئی کہتا ہے یہ روح کی پیاس ہے، کوئی اسے جنون قرار دیتا ہے، مگر میں تو اسے محض وہم و گمان کا تسلسل سمجھتا ہوں، ایک ایسی کیفیت جو انسان کو فکری انتشار میں مبتلا کر دیتی ہے۔

سلیم: (مسکراتے ہوئے)

حارث! تمہاری فکر ہمیشہ مادیت کی زنجیروں میں جکڑی رہتی ہے۔ عشق نہ کوئی کیمیاوی ردِّ عمل ہے، نہ ہی ذہنی فریب۔ یہ وہ راز ہے جو دل کی وادیوں میں کھلتا ہے اور عقل کی سلطنت پر حکمرانی کرتا ہے۔ جس نے عشق کی آگ میں خود کو جھونک دیا، وہی حقیقت سے روشناس ہوا۔

نیاز: (تلخی سے)

حقیقت؟ حقیقت تو یہ ہے کہ عشق ایک امتحان ہے، جس میں اکثر ناکامی مقدر بنتی ہے۔ کوئی اپنی محبت کو پا کر بھی تہی دامن رہتا ہے، اور کوئی نہ پا کر بھی امر ہو جاتا ہے۔ کوئی وصل کی لذت سے سیراب ہوتا ہے، تو کوئی ہجر کے زہر میں بجھ کر فنا ہو جاتا ہے۔ یہ کیسا انصاف ہے؟

حارث: (زیرِ لب ہنستے ہوئے)

نیاز، تمہاری تلخی تمہارے تجربے کی تلخ نوائی کا پتہ دے رہی ہے۔ مگر سوچو، وہ جو کسی کی محبت میں فنا ہو جاتا ہے، وہ آخر حاصل کیا کرتا ہے؟ کیا وصل اور فراق کی کشمکش میں مبتلا رہنا ہی حیات کی معراج ہے؟

سلیم: (گہری نظر سے حارث کو دیکھتے ہوئے)

حارث! عشق محض وصل و فراق کا نام نہیں، یہ تو وہ نکتہ ہے جو انسان کو اس کی حقیقت سے روشناس کراتا ہے۔ تم عشق کو کیمیاوی تعامل کہہ کر اس کی روحانی عظمت کو کم نہیں کر سکتے۔ عشق وہ آتش ہے جو دلوں کو جلائے بغیر روشنی دیتا ہے، جو آنکھوں میں آنسو رکھ کر بھی سکون بخشتا ہے۔

نیاز: (دھویں میں گم نگاہوں سے آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے)

مگر سلیم، عشق کے دو چہرے ہیں۔ ایک وہ جو مسرت بخشتا ہے، اور دوسرا وہ جو دل کو نوچ کر رکھ دیتا ہے۔ کوئی عشق کی مسرت میں جیتا ہے، کوئی اس کے زخم سہتا ہے۔ کسی کو محبوب کی قربت نصیب ہوتی ہے، تو کوئی عمر بھر تڑپتا رہتا ہے۔ کسی کا عشق مقامِ رضا تک پہنچ جاتا ہے، اور کسی کا شکوہ و شکایت میں گزر جاتا ہے۔

حارث: (طنزیہ انداز میں)

اور پھر کچھ لوگ وہ بھی ہوتے ہیں جو کسی محبوب کے مل جانے کے بعد بھی بے چین رہتے ہیں۔ کیا یہی عشق کا حاصل ہے؟ اضطراب اور بے قراری؟

سلیم: (مسکراتے ہوئے)

یہ اضطراب اور بے قراری ہی عشق کا جوہر ہے۔ جو عشق میں سیراب ہو گیا، وہ عشق کی وادی میں بھٹکا ہی نہیں۔ دیکھو، تم عشق کو مادی پیمانوں سے ناپ رہے ہو، جبکہ عشق وہ سرمدی نغمہ ہے جو ازل سے گونج رہا ہے اور ابد تک گونجتا رہے گا۔

نیاز: (سوچتے ہوئے)

اگر عشق اتنا ہی سرمدی ہے، تو پھر یہ دل شکستہ کیوں کرتا ہے؟ کیوں جدائی کی آگ میں جلا دیتا ہے؟ اگر محبت حقیقی تسکین ہے تو وصل کے بعد بھی انسان بے چین کیوں رہتا ہے؟

سلیم : (گہری سانس لیتے ہوئے)

یہی تو عشق کی سب سے بڑی آزمائش ہے۔ جو محبوب کو پا کر بھی بے چین رہا، وہ ابھی عشق کے ابتدائی مراحل میں ہے۔ عشق وہ آئینہ ہے جو انسان کو اس کے اصل چہرے سے روشناس کراتا ہے۔ جس نے عشق کو سمجھ لیا، وہ شکوے سے آزاد ہو گیا، اور جو شکوہ کرتا رہا، وہ عشق کے راز تک پہنچا ہی نہیں۔

حارث : (گہرے تفکر میں)

تو کیا وہی عشق حقیقی ہے جو شکوے سے بالاتر ہو؟

سلیم : (مسکراتے ہوئے)

بالکل! وہی عشق سچا ہے جو نفس کی قید سے آزاد کر دے، جو محبوب کی ذات میں فنا ہونے کا ہنر سکھا دے، جو شکوے سے بالاتر ہو کر تسلیم و رضا کا جام پلا دے۔ یہی عشق کی معراج ہے، یہی حقیقت کا راز!

دور مؤذن کی اذان کی صدا بلند ہوتی ہے، تینوں دوست خاموش ہو جاتے ہیں، جیسے اس صدا میں کوئی ایسا پیغام چھپا ہو جو ان کے سوالوں کا جواب ہو۔ رات کی خاموشی مزید گہری ہو جاتی ہے، اور چاند کی روشنی باغ کے درختوں پر لرزنے لگتی ہے۔

دنیاداری، محبت، عشق کی منزلوں کا سفر

عشق کی راہ میں جو منزلیں ہیں، وہ انسان کی روحانی، جذباتی اور فکری نشوونما کے مراحل کی مانند ہیں۔ ہر منزل ایک نیا تجربہ، ایک نیا انکشاف اور ایک نیا جذبہ پیش کرتی ہے، جو انسان کو اپنی اصل حقیقت سے ہم آہنگ کرتی ہے۔ یہ منزلیں ایک تسلسل کی صورت میں ایک دوسرے کے ساتھ جڑی ہوتی ہیں اور ہر ایک منزل کی اہمیت اپنی جگہ پر گہری ہوتی ہے۔ ان منزلوں کا گزرنا ایک طویل اور کٹھن سفر ہے، جس میں انسان کی حقیقت کی دریافت، محبت کی گہرائی، اور روحانی سکون کا حصول ممکن ہوتا ہے۔

ذیل میں ہر منزل کی تفصیل بیان کی گئی ہے، جو عشق کے مختلف مراحل اور انسان کے اندر کی کیفیت کو اجاگر کرتی ہے۔ یہ تفصیل آپ کو ان مختلف مراحل کی سمجھ بوجھ فراہم کرے گی اور آپ کو بتائے گی کہ کس طرح ہر منزل اگلی منزل کی جانب رہنمائی کرتی ہے۔

طلب، اضطرابِ اولین

طلب، دراصل وہ مکتوم آتش ہے جو قلب کے نہاں خانوں میں دبے دبے سلگتی رہتی ہے، ایک ایسا نامیرا اضطراب جو سکون کی ہر تمنا کو متزلزل کر دیتا ہے۔ یہ وہ پہلی چنگاری ہے جو دل کی وادی میں ناآسودگی کی بادِ سموم چلا دیتی ہے اور ایک ایسی بے نام جستجو کو جنم دیتی ہے جو ابتدا میں بے سمت نظر آتی ہے، مگر درحقیقت، یہ اولین قدم ہے ایک لازوال کشش کے مدار میں داخل ہونے کا۔

یہ وہی کیفیت ہے جو صوفیا کے دل میں عشقِ حقیقی کی جوت جگاتی ہے، جو عارف کو ناآشنا راستوں پر چلنے کی جرأت عطا کرتی ہے، جو عاشق کو اس کے سکون سے محروم کر کے بے قراری کی وسعتوں میں دھکیل دیتی

ہے۔ طلب کی زمین پر جب قدم پڑتا ہے تو راحت کی ہر صورت بے مایہ لگنے لگتی ہے، ہر لمحہ ایک انجانی تشنگی میں تحلیل ہو جاتا ہے، اور وجود اپنی ہی ہستی سے برسرِ پیکار ہونے لگتا ہے۔

یہ وہ زہرِ شیریں ہے جو جسم و جاں میں اتر کر ہر شے کو غیر محسوس کر دیتا ہے، سوائے اُس کے جس کی جستجو میں طلب نے اپنا پنجہ گاڑ رکھا ہے۔ یہ وہ دبی ہوئی صدا ہے جو ہر لمحہ دل کے نہاں خانے میں گونجتی رہتی ہے، ایک خاموش فریاد جو ہر لفظ میں، ہر نظر میں، ہر سوچ میں پنہاں ہو جاتی ہے۔ یہ وہی واردات ہے جو مجنوں کو صحرا نورد کر دیتی ہے، فرہاد کو تیشہ زنی پر مائل کرتی ہے، منصور کو انا الحق کی سرحدوں تک پہنچاتی ہے، اور رومی کو شمس کے گرد دیوانہ وار رقص پر مجبور کر دیتی ہے۔

طلب کے لمحے ابتدا میں نازک ہوتے ہیں، مگر یہی وہ وقت ہوتا ہے جب عشق کی آبیاری ہونے لگتی ہے۔ یہ وہ مرحلہ ہے جب ہر حقیقت بے معنی معلوم ہونے لگتی ہے، ہر منظر محو، ہر خیال پژمردہ، ہر تعلق ہیچ۔ طلب جب شدت اختیار کرتی ہے تو روح میں ایک عجیب سی بے قراری سما جاتی ہے، دل میں ایک ایسی خلش ابھرتی ہے جو کسی بھی ظاہری سیرابی سے بجھنے سے انکاری ہوتی ہے۔

یہی وہ اضطراب ہے جو انسان کو دو راہوں میں لا کھڑا کرتا ہے، یا تو وہ اس تپش کو بجھانے کے لیے کسی مصنوعی تسکین کا سہارا لے، یا پھر وہ اس شعلے کو دہکنے دے، یہاں تک کہ یہ آگ اُسے ہر غیر ضروری وابستگی سے جلا کر خاکستر کر دے۔ جو اس آگ میں جلتا ہے، وہ فنا ہو کر بقا پاتا ہے، اور جو اس آگ سے راہِ فرار اختیار کرتا ہے، وہ ہمیشہ ناآسودہ رہتا ہے۔

یہ طلب ہی ہے جو انسان کو حقیقت کے در تک لے جا سکتی ہے، اگر وہ اس کی راہ میں استقامت اختیار کرے۔ یہ طلب ہی ہے جو اسے عشق کے ان مدارج پر فائز کر سکتی ہے جہاں ذات کی نفی اور معشوق کی

اثبات کے سوا کچھ باقی نہیں رہتا۔ یہی طلب ہے جو ایک عام مسافر کو مجذوب بنا دیتی ہے، ایک عام انسان کو فنا فی اللہ کی منازل پر گامزن کر دیتی ہے۔

طلب محض ایک خواہش نہیں، یہ ایک انقلاب ہے، ایک زلزلہ جو دل کی سرزمین کو ہلا کر رکھ دیتا ہے، ایک سیلاب جو ہر غیر ضروری شے کو بہا کر لے جاتا ہے، ایک آندھی جو تمام عارضی تمناؤں کے چراغ گل کر دیتی ہے۔ اور جب یہ اپنے عروج کو پہنچتی ہے، تو پھر انسان کسی بھی شے کا محتاج نہیں رہتا، سوائے اُس کے، جس کی جستجو میں وہ ہمہ وقت تپتا رہا۔

یہی وہ کیفیت ہے جسے صوفیاء نے سوزِ دروں کہا، یہی وہ بے تابی ہے جسے عارفوں نے سرِّ نہاں کا پہلا دروازہ قرار دیا، یہی وہ آتش ہے جسے عشق کا ابتدائی لمحہ سمجھا جاتا ہے۔ یہی وہ لمحہ ہے جہاں منزل کا پہلا نشان دکھائی دیتا ہے، اور یہی وہ لمحہ ہے جہاں سے راستہ دشوار تر ہونے لگتا ہے۔ لیکن جو اس راستے پر چلنے کا حوصلہ رکھتا ہے، وہی بالآخر وہی کچھ پا لیتا ہے جس کے لیے وہ جلتا رہا، تڑپتا رہا، اور تمام دنیاوی علائق سے ناتا توڑتا رہا۔

یہی طلب ہے، آغازِ عشق، ابتداءِ جنون، پہلا دروازہ فنا کی دہلیز کا، اور اولین نسخہ بقا کے راز کا۔

الفت، سرمدی کشش کی ناقابلِ فراموش روداد

الفت، وہ لازوال کشش ہے جو روح کی پہنائیوں میں ایک خاموش ارتعاش برپا کر دیتی ہے، ایک غیر مرئی رشتہ جو دلوں کے مابین نادیدہ دھاگوں کی مانند بُنا جاتا ہے، اور جس کی گرفت نہ تو زمانی قیود سے آزاد ہے اور

نہ ہی مکانی حدود سے مشروط۔ یہ وہ لطیف مگر ہمہ گیر جذبہ ہے جو نہ فقط ظاہری قربت میں نمو پاتا ہے، بلکہ بسا اوقات فاصلوں کی گہرائیوں میں اپنی انتہاؤں کو پہنچ کر تکمیل پاتا ہے۔

یہ وہی جذبۂ سرمدی ہے جس کی لطافت ہر گرم و سرد، ہر خوشی و غم، ہر وصال و فراق میں یکساں جلوہ گر رہتی ہے۔ الفت کسی سطحی رجحان کا نام نہیں، یہ محض ایک زود گزر جذبہ نہیں، بلکہ یہ ایک ایسی روحانی وابستگی ہے جو وجود کے ہر گوشے میں اپنی موجودگی کا احساس کراتی ہے۔ یہ وہ گہرائی ہے جو کسی بھی مصنوعی یا عارضی محبت سے ماورا ہو کر، ایک ایسے تعلق میں تبدیل ہو جاتی ہے جو فنا کے تمام خدشات سے بالاتر ہوتا ہے۔

الفت، در حقیقت، طلب سے آگے کا مرحلہ ہے۔ اگر طلب ایک تپش ہے تو الفت وہ پرسوز چراغ ہے جو دل کی ویران راہداریوں میں ہمیشہ کے لیے روشن کر دیا جاتا ہے۔ اگر طلب اضطراب ہے، تو الفت ایک ایسا گداز ہے جو وجود کو نرمی اور سکون کے قالب میں ڈھال دیتا ہے۔ اگر طلب جلانے والی آتش ہے، تو الفت وہ دیپ ہے جس کی روشنی سے عاشق کے تمام اندھیرے منور ہو جاتے ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ الفت میں دراصل استقامت اور وفاداری کی آزمائش ہے۔ یہ محض ابتدائی جذبات کی ہلچل نہیں، بلکہ ایک دائمی پیمان ہے جو دل کی سلطنت پر ہمیشہ کے لیے حکمرانی قائم کر لیتا ہے۔ یہ ایک ایسا میثاقِ ازلی ہے جو نہ وقت کے گزرتے موسموں سے ماند پڑتا ہے، نہ مصائب کی آندھیوں سے شکستہ ہوتا ہے، اور نہ ہی دنیاوی بے ثباتیوں کے زیرِ اثر زوال پذیر ہوتا ہے۔

الفت کی سب سے لطیف اور دلگداز شکل وہ ہے جب یہ مجازی سے حقیقی میں تبدیل ہو جائے۔ ابتدا میں انسان کسی ہستی، کسی صورت، کسی خیال، یا کسی احساس کی محبت میں گرفتار ہوتا ہے، لیکن جیسے جیسے یہ تعلق پروان چڑھتا ہے، دل میں یہ یقین مستحکم ہونے لگتا ہے کہ اصل محبت کسی فانی شے سے نہیں، بلکہ

اُس ذات سے ہونی چاہیے جو تمام محبتوں کی منبع و منتہا ہے۔ یہی وہ مرحلہ ہے جب الفت کی حقیقت آشکار ہوتی ہے، اور عاشق جان لیتا ہے کہ ہر محبت، ہر تعلق، ہر کشش، ہر التفات، دراصل ایک ہی مرکز پر منتج ہوتا ہے، اور وہ ہے عشقِ حقیقی۔

الفت کی ایک نمایاں خاصیت اس کی بے لوثی ہے۔ یہ کسی صلے، کسی انعام، کسی غرض یا کسی خواہش کی قید میں نہیں آتی۔ یہ محض دینا جانتی ہے، لینا اس کے مزاج کے خلاف ہے۔ الفت میں محبوب کی رضا ہی عاشق کی معراج ہوتی ہے۔ یہ وہ کیفیت ہے جہاں انسان اپنی ذات کے تمام تقاضے پسِ پشت ڈال کر محبوب کے ہر احساس، ہر چاہت، ہر خوشی، ہر تکلیف میں اپنی ہستی کو تحلیل کر دیتا ہے۔

یہی وہ مرحلہ ہے جب الفت کا پیکر سراپا ایثار بن جاتا ہے، اس کی زبان سے کوئی شکوہ صادر نہیں ہوتا، اس کے لبوں پر صرف صبر کا امرت ٹپکتا ہے، اس کی آنکھوں میں فقط یقین کی روشنی جھلملاتی ہے۔ الفت میں محبوب کی خوشی، عاشق کے لیے عبادت بن جاتی ہے، اور اس کے دکھ، عاشق کے لیے آزمائش۔

الفت جب کامل ہو جائے، تو ہر جذبہ، ہر احساس، ہر خیال، محبوب کی ذات میں تحلیل ہو جاتا ہے۔ یہی وہ لمحہ ہے جب عاشق اور معشوق کے مابین ہر حجت مٹ جاتی ہے، ہر پردہ اٹھ جاتا ہے، ہر دیوار ڈھ جاتی ہے، اور صرف ایک ہی حقیقت باقی رہتی ہے، ایک اٹوٹ بندھن، ایک لافانی تعلق، ایک سرمدی عشق۔

الفت، وہ نور ہے جو قلب کی تاریکیوں کو ہمیشہ کے لیے مٹا دیتا ہے، وہ جام ہے جسے پی کر عاشق کبھی پیاسا نہیں رہتا، وہ آغوش ہے جس میں سما کر ہر دکھ، ہر خلش، ہر تڑپ ہمیشہ کے لیے ختم ہو جاتی ہے۔ الفت، وہ راستہ ہے جو اگر سچا ہو، تو بالآخر حقیقت کے در تک پہنچا دیتا ہے، اور اگر ادھورا رہ جائے، تو صدیوں کی اداسی اپنے دامن میں سمیٹ لیتا ہے۔

یہی الفت کا فلسفہ ہے، یہی اس کی معراج، یہی اس کا راز—جو جان لے، وہ فنا میں بقا پا لیتا ہے، اور جو نہ سمجھ سکے، وہ ہمیشہ طلب اور بے قراری کے صحراؤں میں بھٹکتا رہتا ہے۔

مودّت، سرمدی الفت کی ایک لطیف تجلی

مودّت وہ نادیدہ بندھن ہے جو دلوں کے مابین ایک غیر محسوس مگر ناقابلِ انکار تعلق قائم کر دیتا ہے، وہ لطیف مگر مستحکم رشتہ جو ظاہری وابستگی سے کہیں آگے، کہیں گہرے معانی رکھتا ہے۔ یہ محض عارضی کشش یا فانی جذبات کا تلاطم نہیں، بلکہ یہ ایک ایسے تعلق کی بُنت ہے جو دوام کی سرحدوں کو چھوتا ہے۔

محبت کی لطافتوں میں اگر جذبات کا سیلِ رواں بہتا ہے تو مودّت اس سیلاب کو ایک پختہ بند عطا کرتی ہے، اسے استحکام بخشتی ہے، اسے وقتی لذتوں اور وقتی آزمائشوں سے ماورا کر کے، ایک ناقابلِ تسخیر حصار میں بدل دیتی ہے۔ مودّت کی جڑیں عشق کی زمین میں گہری اتری ہوتی ہیں، مگر اس کے ثمرات ہمیشہ صبر، تحمل، ایثار، وفا اور قربانی کے خمیر سے گندھے ہوتے ہیں۔

یہ ایک ایسا جذبہ ہے جو نہ صرف قربتوں میں پروان چڑھتا ہے بلکہ فاصلوں کی طوالت بھی اس کی شدت کو ماند نہیں کر سکتی۔ یہ محض ایک شدید احساس نہیں بلکہ ایک ایسی فکری اور روحانی پختگی ہے جس میں محبوب کی خوشی، راحت اور بقا کو اپنی ذات سے زیادہ مقدم سمجھا جاتا ہے۔ مودّت ایک ایسی روشنی ہے جو تعلق کی راہوں میں ہر تاریکی کو مٹا دیتی ہے، ایک ایسا سکون ہے جو اضطراب کے سمندر کو تھما دیتا ہے، ایک ایسا سجدہ ہے جو محبوب کی مسرت میں اپنی تمام تر ہستی کو فنا کر دیتا ہے۔

اگر محبت ایک ابتدائی تپش ہے تو مودّت وہ شعلہ ہے جو جلا کر راکھ نہیں کرتا، بلکہ منور کر دیتا ہے۔ اگر عشق ایک دریا ہے تو مودّت وہ کنارہ ہے جو اسے حدود میں رکھ کر، اسے بے لگام بہاؤ سے محفوظ کر دیتا ہے۔ محبت میں شدت ہے، مگر مودّت میں وقار ہے۔ محبت میں بے قراری ہے، مگر مودّت میں ٹھہراؤ ہے۔ محبت میں جذبات کی تندی ہے، مگر مودّت میں احساسات کی گہرائی ہے۔

یہی وجہ ہے کہ مودّت محض طلب یا بے تابی کا نام نہیں، بلکہ یہ ایک متوازن، ٹھوس اور پختہ تعلق کی علامت ہے۔ یہ وہ احساس ہے جو نہ وقت کے تھپیڑوں سے ماند پڑتا ہے، نہ مصائب کی یلغار اسے کمزور کر سکتی ہے۔ یہ وہ استقامت ہے جو وفاداری کو ایک فکری اور عملی اصول میں ڈھال دیتی ہے، جو ہر آزمائش میں مضبوطی سے کھڑی رہتی ہے، جو نہ بدگمانی سے لرزتی ہے، نہ ہی دنیاوی فریبوں کے ہاتھوں متزلزل ہوتی ہے۔

مودّت کی سب سے بڑی پہچان اس کی بے غرضی ہے۔ یہ کسی مفاد، کسی غرض، کسی دنیوی تمنا کی محتاج نہیں ہوتی۔ یہ ایک ایسی کیفیت ہے جو ہر صورت میں اپنا وجود برقرار رکھتی ہے، چاہے محبوب قریب ہو یا دور، چاہے وقت مہربان ہو یا مخالف، چاہے قسمت ہم آہنگ ہو یا نامہربان۔

اگر مودّت کو ایک آئینہ تصور کیا جائے تو اس میں صرف وفا کا عکس دکھائی دے گا، اگر اسے ایک چراغ سمجھا جائے تو اس کی لو ہمیشہ ایثار کی روشنی سے منور رہے گی، اگر اسے ایک راہ گزر مانا جائے تو اس کی منزل فقط محبوب کی دائمی راحت ہوگی۔

یہی وہ جذبہ ہے جو دنیا کے ہر نفع و نقصان، ہر فراق و وصال، ہر شکست و کامیابی سے بلند ہو کر، محض ایک چیز پر قائم رہتا ہے، اخلاص۔ اور جب مودّت کا یہ اخلاص کامل ہو جائے تو محبوب اور محب کے مابین ایک

ایسی ہم آہنگی پیدا ہو جاتی ہے جسے نہ کوئی وقت مٹا سکتا ہے، نہ کوئی حادثہ شکست دے سکتا ہے، اور نہ ہی کوئی فاصلہ ختم کر سکتا ہے۔

یہی مودّت کی معراج ہے، یہی اس کا حسن، یہی اس کا راز۔ جو اسے سمجھ لے، وہ حقیقی تعلق کی بلندیوں تک پہنچ جاتا ہے، اور جو اسے نہ پا سکے، وہ محبتوں کی ناپائیداری میں بھٹکتا رہتا ہے۔

عشق، وجود کا لاہوتی تمازت

عشق ایک ایسا سماں ہے جس میں انسان اپنی تمام تر حدود اور تعصبات کو پار کر کے، کسی بے کنار، بے انتہا، اور غیر متناہی جذبے کی لذت میں غرق ہو جاتا ہے۔ یہ محض جسمانی یا نفسیاتی تعلقات کا شاخسانہ نہیں، بلکہ روح کے اُس مقام کی تکمیل ہے جہاں انسان اپنی ذات سے برتر ہو کر ایک معشوقِ حقیقی کی تکمیل میں غم اور خوشی کے مفہوم کو عبور کرتا ہے۔

عشق کی حقیقت کو صرف الفاظ میں نہیں سمویا جا سکتا، کیونکہ یہ احساسات کے ایک ایسے دریچے سے جڑا ہے جس کا سراغ زبان، علم یا عقل کے کسی پیمانے سے نہیں لگایا جا سکتا۔ یہ وہ آگ ہے جو دل کی دھڑکن کو بے چین کر دیتی ہے، وہ بادل ہے جو روح کی فضاؤں میں دریا کے مانند گزر جاتا ہے، اور وہ ہوا ہے جو ہر سانس میں محبوب کی یاد کی خوشبو بھر دیتی ہے۔

عشق کی گہرائی اس کی شدت میں پوشیدہ ہوتی ہے۔ یہ صرف ایک جوش یا عارضی لذت نہیں بلکہ ایک ایسا تسلسل ہے جو انسان کے وجود کو پوری طرح متحرک کر کے اسے سچائی اور معصومیت کی طرف راہنمائی کرتا

ہے۔ عشق دراصل انسان کی داخلی کیفیت کا آئینہ دار ہے، یہ اس کی روحانی بیداری، اس کے فطری تعلق کا عکاس ہے جو اسے اپنی تخلیق، اپنے خالق، اور اپنے معشوق کے ساتھ جوڑتا ہے۔

عشق کی منزلیں بے شمار ہیں، مگر ہر منزل ایک نیئ کرب وراحت کا نشان ہوتی ہے۔ یہ ایک جادوی کیفیت ہے جو شروع میں لذت اور خواہش کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے، مگر پھر وقت کے ساتھ اس میں ایسی خود سپردگی آتی ہے کہ انسان اپنی تمام تر خواہشات اور تمناؤں کو معشوق کے قدموں میں قربان کر دیتا ہے۔ یہاں تک کہ انسان اپنے نفس کو معشوق کے اندر دیکھنے لگتا ہے، اور ہر حال میں اسے اپنے آپ سے زیادہ عزیز جاننے لگتا ہے۔

یہ عشق کی وہ حقیقت ہے جس میں انسان محبوب کی موجودگی کو اپنی ذاتی زندگی کی تمام تر حقیقتوں سے بالاتر سمجھتا ہے۔ اس میں لذت نہیں، صرف تسلیم ہے، اس میں طلب نہیں، صرف یقین ہے، اور اس میں ہر کرب، ہر تکلیف اور ہر رنج محبوب کی خوشی کے عوض تسلیم کر لیا جاتا ہے۔ یہ وہ راز ہے جس سے دلوں کی دنیا مہک اٹھتی ہے، یہ وہ حقیقت ہے جس میں انسان اپنا ہر تعلق محض معشوق کی رضا کے لیئے قربان کر دیتا ہے۔

عشق کی یہ سچی لذت وہ ہے جو انسان کو غیر متوقع طور پر اس کی حقیقت سے آگاہ کر دیتی ہے، وہ حقیقت جو نہ صرف معشوق کی جمالیات میں پنہاں ہوتی ہے بلکہ وہ کائینات کی حقیقت میں بھی رچی ہوتی ہے۔ حقیقت کا یہ ادراک صرف عشق کی شدت سے ہی حاصل ہو سکتا ہے۔ جب انسان اپنے دل کی ہر رگ میں یہ سچائی محسوس کرتا ہے کہ میں نہیں ہوں، بلکہ وہ ہے، تو وہ عشق کے اس نہ ختم ہونے والے دائرے میں غرق ہو جاتا ہے۔

عشق کی دنیاء میں ہر بات کا مفہوم بدل جاتا ہے۔ محبت کی تعریف صرف ایک لذت یا کسی کی طرف مائل ہونے کی نہیں رہتی، بلکہ یہ ایک روحانی تعلق بن جاتی ہے جس میں انسان خود کو پگھلا کر معشوق کی ذات میں ضم کر دیتا ہے۔ اس میں قربانی کا مفہوم بھی بدل جاتا ہے، یہ محض کسی چیز کا چھوڑ دینا نہیں، بلکہ اپنی ہستی کا معشوق کے لیے گم کر دینا ہوتا ہے۔

عشق کی کوئی حقیقت نہیں، یہ محض ایک تسلیم و رضا ہے، ایک ایسا انکشاف ہے جس میں انسان اپنی ساری محنت، ساری کوششیں، ساری کمزوریاں، اور اپنی تمام تر طاقتیں معشوق کی قدموں میں نچھاور کر دیتا ہے۔ اس میں دھوکہ نہیں، اس میں فریب نہیں، اور نہ ہی اس میں کسی بھی قسم کا ابہام ہوتا ہے۔ یہ وہ سچائی ہے جو دل کی گہرائیوں سے اُبھر کر انسان کو معشوق کی حقیقت میں غرق کر دیتی ہے۔

عشق کی یہ کشش اور جذبہ اسے ہر شے سے ماوراء بنا دیتی ہے۔ یہ کسی وقت کی حدود میں نہیں ہے، نہ ہی کسی مقام کے قید میں ہے۔ یہ ایک ایسا لاہوتی تمازت ہے جو انسان کے روحانی ہونے کا پتہ دیتی ہے۔ یہ وہ لذت ہے جس میں ہر کام اور ہر شے کا مقصد فقط معشوق کی رضا اور محبت میں ڈھل جاتا ہے۔

یقیناً عشق کی یہ آفاقیت ہمیں اس مقام تک پہنچاتی ہے جہاں ہم اپنی ذاتی حقیقتوں سے آگے بڑھ کر، اللہ کے ساتھ ایک ابدی تعلق قائم کر لیتے ہیں۔ عشق کی یہ حقیقت ایک ایسی قوت بن جاتی ہے جو انسان کے قلب کو اپنی محبت سے نورانی کر دیتی ہے، اور اس کے وجود کو آسمانی سکون سے بھر دیتی ہے۔

ہَوَس، خواہشات کا اندھیرا معمہ

ہَوَس انسان کے قلب اور عقل کی ایسی منحرف حالت ہے جو اس کی فطری جبلتوں، خواہشات اور نفسیاتی سطح کی گہری تاریکیوں سے جنم لیتی ہے۔ یہ کوئی محض جسمانی یا نفسانی لذت کی طلب نہیں، بلکہ ایک پیچیدہ

اور مصلحتوں سے بھری ہوئی جذبۂ آرزو ہے، جو انسان کو اس کی ارفع اور بلند مقاصد سے ہٹا کر محض عارضی، فانی اور خسارے کی طرف لے جاتا ہے۔ ہَوَس ایک بے قابو جذبہ ہے، جو انسان کو نہ صرف اپنے اندر کی خرافات اور بدبودار خواہشات سے آشنا کرتا ہے، بلکہ اس کی روحانیت، اخلاق اور معقولیت کو بھی متاثر کرتا ہے۔

ہَوَس کا آغاز انسانی فطرت کی بدلے ہوئی شکلوں سے ہوتا ہے، جہاں انسان اپنی حقیقت سے بے خبر ہو کر، نفسانی تسکین کی دلدل میں غرق ہو جاتا ہے۔ یہ وہ جذبہ ہے جو فرد کو اس کے حقیقی مقصد اور مقصدِ حیات سے منحرف کرتا ہے اور اسے عارضی لذتوں میں اس قدر محو کر دیتا ہے کہ وہ اپنی روح کی گہرائیوں میں جا کر اپنی تقدیر کو بھلا بیٹھتا ہے۔

ہَوَس کی جڑیں انسان کی بے قابو خواہشات میں پوشیدہ ہیں۔ یہ وہ آرزو ہے جو اسے عیش و آرام کی دنیا میں اس قدر مگن کر دیتی ہے کہ وہ نہ صرف اپنے فطری حدود کو تجاوز کرتا ہے، بلکہ اس کی روحانی بلندیوں تک پہنچنے کی ساری راہیں بھی مسدود ہو جاتی ہیں۔ ہَوَس کی حالت میں انسان اپنی اصل حقیقت کو پسِ پشت ڈال کر، محض خودی کی تسکین کے پیچھے بھاگتا ہے۔ یہ صرف نفس کا تسکین نہیں، بلکہ ایک داخلی درد، جستجو اور اندھیروں کا عکس ہے جو انسان کو حقیقت کی روشنی سے دور کر دیتا ہے۔

ہَوَس کا مفہوم محض خواہشات کے پیچھے دوڑنا نہیں، بلکہ یہ ایک ایسا مہیب جال ہے جس میں انسان اپنی اخلاقی اور روحانی حرکات کو محدود کر لیتا ہے۔ یہ اس کی فطرت کے مطابق نہیں ہے، بلکہ انسان کے اندر کسی باطنی تضاد یا خواہش کی شدت سے پیدا ہوتا ہے۔ یہ ایسی گمراہی ہے جو انسان کے وجدان کو ہلا کر رکھ دیتی ہے، اسے اس کی اصل تقدیر سے منحرف کرتی ہے، اور اسے محض عارضی خوشیوں اور نفسانی تسکین میں پھنسا دیتی ہے۔

ہَوَس کا تعلق نہ صرف انسان کے جسم سے ہے، بلکہ اس کی ذہنی اور روحانی حالت سے بھی ہے۔ جب انسان کی روح میں سکون کی کمی ہوتی ہے، جب اس کی فطری ضروریات کا پورا ہونا متعین نہیں ہوتا، تو وہ ہَوَس کے شکنجے میں آجاتا ہے۔ یہ وہ کیفیت ہے جس میں انسان اپنی شہوات کی تسکین کے لیئے، ہر اصول وضابطے کو نظرانداز کر دیتا ہے، اور اپنی بے قابو خواہشات کے ہاتھوں میں کھیلنے لگتا ہے۔

ہَوَس کی حقیقت میں اس کی جڑیں خواہشات کے اضطراب میں پنہاں ہیں، اور یہ اضطراب انسان کو اندر سے بے چین کر دیتا ہے۔ یہ اضطراب انسان کو اپنی اصل حقیقت، یعنی روحانی سکون اور قلبی اطمینان سے دور کرتا ہے، اور اسے دائمی سکون کی بجائے محض عارضی خوشی کے فریب میں مبتلا کر دیتا ہے۔ جب انسان اپنی ہَوَس کو قابو پانے میں ناکام رہتا ہے، تو اس کی زندگی میں ایک خلا اور بے سکونی کی کیفیت پیدا ہوتی ہے، جو اس کے ذہنی وجسمانی سکون کو متاثر کرتی ہے۔

یہ کیفیت اس قدر مہیب اور پیچیدہ ہوتی ہے کہ انسان اپنے اندر کی خواہشات اور تمناؤں کی بے قابو شدت میں اس قدر غرق ہو جاتا ہے کہ وہ نہ صرف اپنے روحانی اور اخلاقی تصورات سے منحرف ہو جاتا ہے، بلکہ اس کی اجتماعی زندگی اور معاشرتی رشتہ بھی متزلزل ہو جاتے ہیں۔ ہَوَس انسان کو ایک سطحی، غیر فطری اور ناقص زندگی کی طرف لے جاتی ہے، جو نہ صرف اسے داخلی سکون سے عاری کرتی ہے بلکہ اس کی تکمیل اور معنویت کو بھی ماند کر دیتی ہے۔

جب ہَوَس کی شدت میں اضافہ ہوتا ہے تو یہ ایک گہری تنہائی اور اضطراب کا باعث بنتی ہے۔ یہ ایک ایسی حالت ہے جس میں انسان اپنی خوشی، سکون اور زندگی کے اصل مقصد سے بے بہرہ ہو جاتا ہے۔ اس حالت میں انسان کی ہر خواہش محض جسمانی تسکین کی طلب بن کر رہ جاتی ہے، اور وہ اپنی روح کی گہرائیوں میں چھپے ہوئے سکون اور اطمینان کو فراموش کر دیتا ہے۔

ہَوَس کی شدت میں مبتلا انسان کبھی بھی خود کو تسلی اور سکون کی حالت میں محسوس نہیں کرتا۔ اس کے اندر ہمیشہ ایک کمی کی شدت، ایک اضطراب کی لہریں، اور ایک ادھورے پن کا احساس رہتا ہے، جو اس کی روحانیت اور اخلاقی بقا کے لیے ایک سنگین خطرہ ہوتا ہے۔ یہ وہ کیفیت ہے جس سے بچنے کی ہر انسان کو سعی کرنی چاہیے، تاکہ وہ اپنی زندگی کو نہ صرف جسمانی لذتوں سے بلکہ روحانی سکون اور تکمیل سے ہم آہنگ کر سکے۔

ہَوَس ایک نفسیاتی و روحانی بدحالی کا نام ہے جو انسان کو ہر وقت اپنی حقیقت سے منحرف کر دیتی ہے اور اسے فانی دنیا کی جھوٹی لذتوں میں مبتلا کر دیتی ہے۔ یہ ایک شبہِ عارضی خوشی ہے جس کی شدت میں انسان اس بات کو بھول جاتا ہے کہ زندگی کا اصل مقصد، سکون، محبت اور روحانی تکمیل ہے، نہ کہ محض جسمانی یا نفسیاتی خواہشات کی تسکین۔

شیفتگی، دل و دماغ کا اضطراب و اشتیاق

شیفتگی ایک ایسا پیچیدہ جذباتی اور نفسیاتی تجربہ ہے جو دل و دماغ کو یکساں طور پر بے قابو کر دیتا ہے۔ یہ وہ کیفیت ہے جس میں انسان اپنے محبوب یا کسی خاص شے کے لیے اس قدر بے خود و مست ہوتا ہے کہ وہ اپنی عقل، احساسات اور قوتِ فیصلہ کو اپنی چاہت کی شدت میں تحلیل کر دیتا ہے۔ شیفتگی کی حالت میں انسان کا سارا وجود اس قدر محو و مگن ہوتا ہے کہ وہ اپنی دنیا، حقیقت اور تمام تر تقاضوں سے منحرف ہو جاتا ہے، اور صرف ایک شخص یا شے کے گرد اپنا سارا مرکزِ زندگی مرتب کر لیتا ہے۔

شیفتگی کی گہری نوعیت کا مطالعہ کرنے پر یہ حقیقت عیاں ہوتی ہے کہ یہ دراصل ایک نہ ختم ہونے والی طلب کی صورت اختیار کرتی ہے، جو انسان کے دل میں ہمیشہ ایک خلش، ایک کھچاؤ، اور ایک بے قرار سی

کیفیت پیدا کرتی ہے۔ شیفتگی میں مبتلا شخص اپنے محبوب یا معشوق کے تمام اعمال و افعال کو ایسی شدت سے محسوس کرتا ہے جیسے وہ اس کی زندگی کا واحد مقصد بن چکا ہو۔ اس میں جسمانی و ذہنی طور پر یکسوئی کی حالت کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی، بلکہ دل و دماغ کا ہر گوشہ صرف اور صرف محبوب کی موجودگی اور تصورات میں غرق ہوتا ہے۔

یہ کیفیت اکثر محبت یا تعلقات میں اس وقت پیدا ہوتی ہے جب انسان اپنے محبوب کو اس قدر اہمیت دے دیتا ہے کہ اس کی کوئی بھی حرکت، کوئی بھی نظر یا کوئی بھی گزرے لمحے کی یاد، اس کے دل کی دھڑکنوں میں تیزی پیدا کر دیتی ہے۔ یہ ایک کیفیت ہے جو انسان کو اپنے آپ سے بیگانہ کر دیتی ہے، اور وہ سچائی، اخلاق یا حقیقت کو ترک کر کے محض اس ایک شے کی تلاش میں جیتا ہے، جو اس کی دل کی گہرائیوں میں بستی ہے۔

شیفتگی کا آغاز انسان کے اندر ایک جذباتی خلا سے ہوتا ہے، جو اس کی تمام تر نفسیاتی و روحانی طلب کو متحرک کر دیتا ہے۔ یہ خلا دراصل انسان کی جستجو اور خواہشات کا عکس ہوتا ہے، جو اس کے دل میں کسی دوسرے شخص یا شے کے لیے ایک فطری اور جذباتی لگاؤ پیدا کرتا ہے۔ اس میں کبھی کبھی یہ تاثر ہوتا ہے کہ محبوب سے تعلق میں انسان کا اپنا وجود ماند پڑ جاتا ہے، اور وہ اس کی محبت میں اتنا غرق ہوتا ہے کہ اس کی اپنی حیثیت، خودی اور تقدیر کا تعین بھی محبوب کے ذریعے ہی ہوتا ہے۔

شیفتگی کی شدت میں مبتلا انسان کے لیے محبوب کی ہر بات، ہر چہرہ، ہر حرف ایک جادو کی طرح اثر انداز ہوتا ہے۔ وہ ہر لمحہ محبوب کی یادوں میں غرق رہتا ہے اور اس کی غیر موجودگی میں اسے ایک کمی، ایک غم یا ایک دکھ کا سامنا ہوتا ہے، جو اس کے دل کی گہرائیوں میں ایک نہ ختم ہونے والی خواہش اور طلب کی

صورت میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ اس کیفیت میں انسان کی زندگی کی تمام تر امیدیں، امنگیں اور ارمان ایک ہی شخص یا شے کے گرد گھومتے ہیں، اور وہ ہر حال میں اس سے جڑنا یا اس کی جانب قدم بڑھانا چاہتا ہے۔

یہ شوق اور لگاؤ ایک فطری نوعیت کا ہوتا ہے، جس کی شدت میں کسی قسم کی خود مختاری یا احتیاط کا گزر نہیں ہوتا۔ انسان اپنے آپ کو محبوب کی محبت میں یکجا کرنے کی کوشش میں خود کو اس کی گرفت میں دے دیتا ہے۔ شیفتگی کی اس حالت میں انسان اپنی ذہنی پختگی، فیصلہ کرنے کی صلاحیت اور اپنی حقیقت کو مکمل طور پر نظر انداز کر دیتا ہے، اور ایک خواب یا سراب کی طرح محبوب کے پیچھے دوڑتا رہتا ہے۔

شیفتگی کے اثرات صرف جسمانی یا ذہنی سطح تک محدود نہیں رہتے، بلکہ یہ انسان کی روحانی و نفسیاتی حالت کو بھی گہرے اثرات سے ہمکنار کرتی ہے۔ اس کیفیت میں بتلا شخص ایک طرح سے اپنے آپ کو مفقود یا تحلیل شدہ محسوس کرتا ہے، اور اسے ہر لحہ اپنی حقیقت، حیثیت اور خودی کی تلاش رہتی ہے۔ اس کی زندگی کی جڑیں محض محبوب یا معشوق کی موجودگی میں محسوس ہوتی ہیں، اور ان کی عدم موجودگی میں انسان ایک ان کہی کمی، ادھوری خواہش یا ایک بے سکونی کا سامنا کرتا ہے۔

شیفتگی کا اثر انسان کی تخلیقی صلاحیتوں، ذہنی سکون اور روحانی زندگی پر بھی گہرا پڑتا ہے۔ وہ اپنے روزمرہ کے کاموں میں بھی اس شدت کو محسوس کرتا ہے، اور اس کا ہر فعل یا ہر تحریک محبوب کی محبت سے متاثر ہو کر ایک نیئے روپ میں ظاہر ہوتی ہے۔ اس میں ایک مسلسل بے چینی اور اضطراب کا عنصر ہوتا ہے، جو اس کے قلب کو سرشار بھی کرتا ہے اور دل میں ایک نیئ توانائی پیدا کرتا ہے، مگر یہ توانائی ہمیشہ بکھری بکھری اور بے ترتیب ہوتی ہے۔

شیفتگی کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ یہ فرد کو اپنی حقیقت سے ہٹا کر دوسروں کی نظر میں خود کو مکمل اور کامل بنانے کی کوشش میں لگاتا ہے۔ یہ کیفیت انسان کو اپنے آپ میں کھو کر دوسرے کے لیے خود کو

قربان کرنے کی ترغیب دیتی ہے، اور اس کی محبت میں اتنی شدت پیدا کر دیتی ہے کہ وہ اپنی عزت نفس، خودی، اور تقدیر کو بھی فراموش کر دیتا ہے۔ اس کی زندگی کا مقصد صرف اور صرف اس کی محبت بن جاتی ہے، اور وہ اپنے دل کی گہرائیوں میں بسے اس جذبہ کو حقیقت بنانا چاہتا ہے۔

شیفتگی ایک نہ ختم ہونے والا سفر ہے، جس میں انسان اپنے دل و دماغ کو کامل سکون کے لیے ایک ہی سمت میں مائل کرتا ہے، مگر اس کا پورا ہونا یا مکمل سکون پانا کبھی ممکن نہیں ہوتا۔ یہ ایک مسلسل جستجو ہے، ایک خواہش ہے جو کبھی نہیں تھمتی، اور ایک گہری لگن ہے جو ہمیشہ دل کی گہرائیوں میں بستی ہے۔

والہانہ پن، جنون کی سرحد پر ایک بے خودی کی کیفیت

والہانہ پن ایک ایسی شدتِ جذبات ہے جو انسان کو اپنی حواس سے بیگانہ کر دیتی ہے، اور وہ اپنی زندگی کے ہر لمحے کو جنون کی حد تک محبوب کے پیچھے دوڑتا ہے۔ یہ وہ کیفیت ہے جب انسان کی محبت یا کسی خاص شے کے لیے دیوانگی اس قدر بڑھ جاتی ہے کہ وہ اپنی شناخت، عزت نفس، اور حقیقت کو بھی پس پشت ڈال کر اپنی طلب کی تکمیل کے لیے ہر ممکن قدم اٹھاتا ہے۔ والہانہ پن کی حالت میں مبتلا شخص اس حد تک اپنے جذبات و احساسات میں غرق ہو جاتا ہے کہ وہ عقل و شعور کی تمام تر رکاوٹوں کو شکست دے دیتا ہے، اور صرف اپنے شوق کی تکمیل کو اولین مقصد قرار دیتا ہے۔

والہانہ پن دراصل ایک داخلی آتشِ شوق کا عکاس ہوتا ہے، جو انسان کے دل کی گہرائیوں میں مسلسل جلتا رہتا ہے۔ یہ ایک ایسی کیفیت ہے جس میں انسان کی ہر سوچ، ہر عمل، اور ہر لمحہ محبوب کی محبت یا اس کے گرد گھومتا ہے۔ اس کیفیت میں مبتلا شخص کی دنیا محدود ہو جاتی ہے، اور اس کی تمام تر ذہنی و روحانی

توانائیاں اس ایک شے کی طرف مرکوز ہو جاتی ہیں جسے وہ دل و جان سے چاہتا ہے۔ یہ محبت کا وہ دریا ہے جس کا کوئی کنارہ نہیں ہوتا، اور جس کی ہر لہر میں ایک نئی شدت، ایک نیا اضطراب، اور ایک نئی بے خودی پائی جاتی ہے۔

والہانہ پن میں انسان کے دل میں ایک ایسا خلش محسوس ہوتی ہے، جو کبھی پوری نہیں ہو پاتی۔ یہ ایک مسلسل تشنگی ہے، ایک جستجو ہے جو کسی بھی صورت مکمل نہیں ہو سکتی۔ اس کیفیت میں مبتلا شخص کا دل محض ایک طوفانی دریا کی مانند ہوتا ہے، جس میں محبت کی ہر لہر اسے تیز تر بہا لے جاتی ہے، اور وہ صرف ایک ہی مقصد کے پیچھے دوڑتا رہتا ہے: محبوب تک پہنچنا، یا اس کی محبت کو حاصل کرنا۔ اس میں نہ کسی وقت کی اہمیت ہوتی ہے، نہ حالات کی، اور نہ ہی اس کے اپنے وجود کی۔ اس کے لیے صرف ایک چیز کی حقیقت ہے اور وہ ہے محبوب کی موجودگی، یا اس کی غیر موجودگی میں اس کی یاد کا تسلسل۔

والہانہ پن کی شدت میں انسان کی شخصیت کا ہر پہلو متغیر ہو جاتا ہے۔ یہ کیفیت اس کے اندر ایک ایسا عذاب پیدا کرتی ہے کہ وہ اپنے آپ کو ایک قید میں محسوس کرتا ہے۔ اس کے لیے دنیا کی ہر خوشی، ہر سکون، اور ہر حقیقت بے معنی ہو جاتی ہے۔ اس کی تمام تر ترجیحات اور نظریات اس ایک خواہش کے تابع ہو جاتے ہیں کہ وہ محبوب کے قریب ہو، یا اس کی موجودگی میں غرق ہو جائے۔ اس کا دماغ اور دل ہر حال میں اس کے وجود کے گرد گھومتے ہیں، اور وہ اس کی ہر حرکت، ہر نظر، ہر لمس کے پیچھے ایک جنونی نوعیت کی دوڑ میں شامل ہو جاتا ہے۔

والہانہ پن کی کیفیت دراصل ایک نہ ختم ہونے والی سفر کی طرح ہے، جس میں انسان کبھی نہیں رکتا، کبھی نہیں تھکتا۔ یہ ایک ایسی حالت ہے جس میں تمام تر معقولیت، عقل، اور وجدان کی حدود تحلیل ہو جاتی ہیں، اور صرف ایک جذبہ باقی رہتا ہے جو انسان کو ایک طوفان کی طرح بہا لے جاتا ہے۔ اس میں کوئی بھی

رکاوٹ، کوئی بھی مخالفت، اور کوئی بھی حقیقت انسان کو اس کے راستے سے منحرف نہیں کر سکتی۔ اس کی محبت کا مرکز ایک ہی ہوتا ہے، اور اس کی ساری توجہ صرف اسی کی طرف مرکوز رہتی ہے۔

والہانہ پن کی شدت میں انسان ایک بے خودی کی حالت میں ہوتا ہے جہاں وہ خود کو، اپنے جسم کو، اور اپنی عقل کو بھی قربان کرنے کے لیے تیار رہتا ہے۔ اس میں نہ کوئی فاصلہ، نہ کوئی رکاوٹ، نہ کوئی مشکلات کا تصور ہوتا ہے۔ یہ ایک ایسی کیفیت ہے جو انسان کو اپنی حقیقت سے بیگانہ کر دیتی ہے اور وہ ہر قیمت پر اپنے محبوب کی محبت کو حاصل کرنے کے لیے ہر حد تک جانے کی تیاری کرتا ہے۔

والہانہ پن کی کیفیت میں انسان کو ہمیشہ یہ احساس رہتا ہے کہ وہ اپنے محبوب کے بغیر مکمل نہیں ہو سکتا، اور اس کی محبت کی تلاش میں وہ ہر لحہ، ہر ساعت، اور ہر پل اپنی جان کو کسی نہ کسی خطرے میں ڈالتا رہتا ہے۔ یہ ایک طویل و پیچیدہ سفر ہے، جو انسان کو اپنی تقدیر، اپنی محبت، اور اپنی حقیقت کے تعلق میں شدید نوعیت کے اندرونی کشمکش سے گزرنے پر مجبور کرتا ہے۔

والہانہ پن کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ یہ انسان کی روح کو ایک نیئ جہت کی تلاش میں لے جاتا ہے۔ اس کیفیت میں انسان اس قدر محو ہوتا ہے کہ وہ اپنی حقیقت کو فقط اس کی محبت میں تلاش کرتا ہے۔ یہ ایک عجیب و غریب وابستگی ہے جو انسان کو اپنی روحانی اور جذباتی تکمیل کے لیے اپنے محبوب سے بے حد مربوط کر دیتی ہے۔ والہانہ پن کی شدت میں بتلا شخص محبوب کے ساتھ ہر لحہ کی اشتہا میں بتلا رہتا ہے، اور اس کی خوشبو، اس کی آواز، اس کی ہر حرکت اس کے دل و دماغ میں ایک نیئ لذت پیدا کرتی ہے۔

اس کیفیت میں بتلا شخص کا ہر عمل، ہر نظر، اور ہر لفظ محبوب کی طرف اشارہ کرتا ہے، اور وہ ہر لحہ اس کی موجودگی میں غرق رہنا چاہتا ہے۔ یہ ایک ایسا جذبہ ہے جو اس کی زندگی کے ہر پہلو کو مکمل طور پر تسخیر کر لیتا

ہے، اور وہ محبوب کی محبت میں ایک ایسی محویت محسوس کرتا ہے کہ اس کے سوا اور کچھ بھی اس کے لیے اہم نہیں رہتا۔

جنون، عشق کی انتہائی شدت کا نام

جنون ایک ایسی نفسیاتی و روحانی کیفیت ہے جو انسان کو اپنی عقل و فہم سے بے گانہ کر دیتی ہے۔ یہ ایک ایسی حالت ہے جس میں انسانی جذبات کی شدت اپنے منطقی حدود کو پار کر جاتی ہے اور دل کی دھڑکن میں خون کی تیز رفتاری کا ایک نیا طوفان برپا ہوتا ہے۔ جنون دراصل عشق کی انتہائی شدت اور محبت کے بے قابو جذبے کا نام ہے، جو کسی حد، کسی رکاوٹ، یا کسی اصول کا پابند نہیں ہوتا۔ یہ وہ کیفیت ہے جس میں انسان اپنی عقل و ہوش سے بیگانہ ہو کر صرف ایک خواہش کے پیچھے دوڑتا ہے، اور وہ خواہش اسے ہر چیز سے بالاتر دکھائی دیتی ہے۔

جنون کی حالت میں مبتلا شخص، نہ کسی اصول کو مانتا ہے، نہ کسی روایتی قاعدے کو، اور نہ ہی اپنے ضمیر کی آواز کو۔ یہ ایک ایسا جذبہ ہے جو انسان کو اپنے ہوش و حواس سے اس قدر بیگانہ کر دیتا ہے کہ وہ خود کو اور اپنی حقیقت کو مکمل طور پر فراموش کر دیتا ہے۔ جنون کے اس سمندر میں انسان کا دل، دماغ، اور جسم ایک ایسا طوفان بن جاتے ہیں جو اپنی منزل کی طرف بڑھتے ہیں لیکن کسی راستے کو نہیں دیکھتے۔ اس کی ہر حرکت، ہر سوچ، ہر لفظ اس ایک مقصد کے حصول کے لیے ہے کہ وہ محبوب کی محبت میں غرق ہو جائے یا اس کی موجودگی کے قریب پہنچ جائے۔

جنون کے اندر ایک عجیب سی کشش ہوتی ہے جو انسان کو ایک طرف سے بے پایاں محبت اور دوسری طرف سے مکمل تباہی کے کنارے تک لے جاتی ہے۔ یہ ایک ایسی کیفیت ہے جس میں انسان اپنی

حیثیت، اپنی شناخت، اپنی کامیابیاں، اور اپنی ناکامیاں سب کچھ ترک کر دیتا ہے اور صرف اس جنونی خواہش کے پیچھے بھاگتا رہتا ہے۔ وہ یہ بھول جاتا ہے کہ اس کی حقیقت کیا ہے اور اس کی محبت کا مفہوم کیا ہے۔ وہ بس اتنا چاہتا ہے کہ وہ اس جنون کی شدت میں مبتلا ہو کر اس کی تسکین حاصل کرے۔ جنون میں مبتلا انسان اس قدر بے خود ہو جاتا ہے کہ اس کے لیے دنیا کی ہر حقیقت، ہر معقولیت، اور ہر معیار بے معنی ہو جاتے ہیں۔

جنون کا ایک اور پہلو یہ ہے کہ یہ انسان کو مکمل طور پر اپنی تقدیر کے حوالے کر دیتا ہے۔ وہ اپنی قسمت کے فیصلہ کو سچ مان کر اس کی تکمیل کے لیے ہر خطرہ مول لیتا ہے۔ اس کی زندگی ایک غمگین اور درد بھری خواہش میں بدل جاتی ہے اور وہ ہر لمحہ اس فکر میں ڈوبا رہتا ہے کہ وہ کب اپنی محبت کو مکمل طور پر حاصل کرے گا۔ اس کیفیت میں انسان کے دل میں ہمیشہ یہ سوال گونجتا رہتا ہے کہ کیا یہ جنون کبھی ختم ہوگا؟ یا کیا یہ کبھی مکمل ہو پائے گا؟

جنون دراصل انسان کے دل کی ایک گہری خلا کو بھرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اس میں محبت کی ایک ایسی غیر معقول شدت ہوتی ہے جو کسی بھی طرح سے مکمل نہیں ہو پاتی، اور ہر لمحے اس کی شدت میں مزید اضافہ ہوتا ہے۔ اس کیفیت میں انسان کو یہ احساس ہوتا ہے کہ وہ جو چاہتا ہے، وہ اسے کبھی بھی پورا نہیں کر پائے گا، اور یہ بے یقینی اور تشویش اس کے اندر ایک اور سطح کی ہلچل پیدا کر دیتی ہے۔

جنون ایک ایسی تباہ کن محبت ہے جو انسان کو اپنی خودی سے بیگانہ کر دیتی ہے۔ اس میں انسان اپنی مرضی اور خواہشات کو مکمل طور پر دوسروں کے ہاتھوں میں دے دیتا ہے اور اس کے بعد ہر لمحہ اس کی تقدیر ایک ہی فرد کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔ جنون کا ایک خاصہ یہ بھی ہے کہ یہ انسان کو اپنی حقیقت سے آشنا

کرتا ہے، لیکن وہ حقیقت ایسی نہیں ہوتی جو خوشی یا سکون لے کر آتی ہو۔ اس میں بس تکلیف، اذیت، اور ایک مسلسل جستجو ہوتی ہے جو انسان کو مسلسل دوڑتی رہتی ہے۔

جنون کی شدت میں انسان ہمیشہ ایک عدم سکون کی کیفیت میں بتلا رہتا ہے۔ اس کے دل میں بس ایک ہی سوال ہوتا ہے: "کیا میں اپنے محبوب تک پہنچ سکوں گا؟" اور یہ سوال اس کے دماغ میں اس قدر گونجتا رہتا ہے کہ وہ اپنی زندگی کے ہر پل کو اس کی تکمیل کے لیے وقف کر دیتا ہے۔ جنون میں بتلا شخص کا ہر عمل، ہر سوچ، اور ہر قدم صرف اور صرف اس محبت کے پیچھے دوڑ رہا ہوتا ہے جس کا کبھی اختتام نہیں آتا۔

جنون کی کیفیت میں انسان اپنی حقیقت سے بیگانہ ہو کر ایک دیوانے کی طرح اپنی زندگی کے ہر پہلو کو اس محبت کے جذبے میں سرف کرتا ہے۔ اس کی محبت کی تڑپ اس قدر زیادہ ہوتی ہے کہ وہ کسی بھی قسم کے نقصان، تکلیف، یا رکاوٹ سے بے پرواہ ہو کر اس کے پیچھے دوڑتا رہتا ہے۔ جنون کی اس کیفیت میں انسان کو نہ اپنے جسم کی فکر ہوتی ہے، نہ اپنی روح کی، بلکہ وہ بس اس لمحے کو جیتنا چاہتا ہے جب وہ اپنی محبت کو مکمل طور پر حاصل کر لے گا۔

جنون کی حالت میں ایک عجیب سی دنیا آباد ہوتی ہے، جہاں صرف محبت کا رنگ ہوتا ہے اور باقی ہر شے بے معنی ہو جاتی ہے۔ اس کیفیت میں انسان کا دل، دماغ، اور جسم ایک ہی مقصد کے لیے کام کر رہے ہوتے ہیں: وہ مکمل طور پر اپنے محبوب کی محبت میں غرق ہو جانا چاہتا ہے، اور یہ خواہش اسے ہر حد تک لے جاتی ہے، یہاں تک کہ وہ اپنی شناخت، عزت نفس، اور تمام حدود کو نظر انداز کر دیتا ہے۔ جنون کا یہ جذبہ ایک ایسی قوت بن جاتا ہے جو انسان کی زندگی کو تسخیر کر لیتی ہے، اور وہ اس کی شدت میں بتلا ہو کر اپنی حقیقت سے منقطع ہو جاتا ہے۔

یہ جنون ہی ہے جو انسان کو اپنے مقصد سے جوڑتا ہے، اپنی حقیقت سے بیگانہ کرتا ہے، اور اس کی دنیا کو ایک نئے طور پر تشکیل دیتا ہے۔ یہ وہ کیفیت ہے جو انسان کو اس کی تقدیر کی گہرائیوں تک لے جاتی ہے، اور اس میں کوئی بھی رکاوٹ یا پیچیدگی اسے روک نہیں سکتی۔ جنون کی شدت میں مبتلا انسان صرف ایک چیز کی خواہش کرتا ہے: اپنی محبت کو مکمل طور پر حاصل کرنا، اور اس کے لیے وہ اپنی تمام تر دنیا کو قربان کرنے کے لیے تیار ہوتا ہے۔

فنا، وجود کی اس حد تک مکمل تباہی

فنا ایک ایسا لفظ ہے جو انسان کی وجودی حقیقت اور اس کے اندر موجود ہر احساس کی مکمل اور حتمی تباہی کی تصویر کشی کرتا ہے۔ یہ لفظ دراصل انسان کے تمام حواس، جذبات، اور خواہشات کے برباد ہونے کی کیفیت کو ظاہر کرتا ہے، جب وہ مکمل طور پر اپنے آپ کو مٹانے کی کوشش کرتا ہے تاکہ وہ کسی اور کی محبت، چاہت یا حقیقت میں ضم ہو سکے۔ فنا کی حالت میں انسان اپنی خودی، اپنی انفرادیت، اور اپنی فردیت کو فنا کر دیتا ہے تاکہ وہ کسی اعلیٰ حقیقت میں ضم ہو جائے، یہ حقیقت وہی ہے جسے بعض اوقات حقیقی عشق یا خدا کی محبت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

فنا کی حقیقت میں داخل ہونے کے لیے انسان کو اپنی ذات کی سرکشی کو ختم کرنا پڑتا ہے اور اپنی مکمل حقیقت سے بیگانہ ہو کر ایک ایسی کیفیت میں مبتلا ہونا پڑتا ہے، جہاں وہ کسی بھی قسم کی فردیت یا شناخت کو ترک کر دے۔ یہ ایک ایسی کیفیت ہے جہاں انسان اپنی دنیا کو اس قدر مٹانے کی کوشش کرتا ہے کہ اس کا وجود محض ایک خیال یا ایک دھندلی سی تصویر بن کر رہ جاتا ہے۔ فنا میں انسان خود کو اس قدر معدوم کر دیتا ہے کہ وہ خودی کی تمام حدود سے آزاد ہو جاتا ہے اور اپنی اصل حقیقت تک پہنچنے کی کوشش کرتا ہے۔

فنا کی کیفیت ایک ایسی مسافر کی مانند ہوتی ہے جو اپنے راستے کے تمام نشانوں کو مٹا کر صرف ایک خالی اور بے نشان راستے پر چلتا ہے۔ اس راستے پر نہ کوئی منزل ہوتی ہے اور نہ ہی کوئی مقصود، صرف ایک مسلسل گمشدگی اور ناپیدگی کی کیفیت ہوتی ہے۔ فنا کا یہ سفر، دراصل انسان کو اس کے داخلی حقیقت سے جوڑنے کا ایک ذریعہ بنتا ہے، جہاں وہ اپنی تمام تر فانی خواہشات کو ترک کر کے اپنے روحانی مقصد کی طرف بڑھتا ہے۔ اس کیفیت میں انسان کا دل ہر ایک دھڑکن کو مٹا دیتا ہے اور ہر جذبے کو فنا کر کے فقط اپنے رب کی رضا اور محبت کی تکمیل میں غرق ہو جاتا ہے۔

فنا کا یہ عمل خودی کے موت کی مانند ہوتا ہے، جہاں انسان خود کو اس وقت تک فنا کرنے کی کوشش کرتا ہے جب تک کہ اس کا وجود خودی کی تمام پرتوں سے پاک نہ ہو جائے۔ فنا کے اس عمل میں انسان کا ہر لمحہ اپنے آپ کو اسقدر مٹا دینے کی تگ و دو کرتا ہے کہ وہ اس کی زندگی کا مقصد اور اصول صرف ایک ہی حقیقت میں سمٹ جاتا ہے: "یعنی میں ہوں ہی نہیں، میری حقیقت ایک دھندلی تصویر ہے جو ایک عالمگیر حقیقت میں گم ہو گئی ہے۔" فنا کی اس کیفیت میں، انسان کی حقیقت محض ایک خلا بن جاتی ہے، اور وہ خلا جس میں ہر چیز معدوم ہو چکی ہو، سچائی اور محبت کی مکمل روشنی کے سوا کچھ باقی نہیں رہتا۔

فنا کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ یہ انسان کو اس کی موجودگی سے باہر نکال کر اس کی حقیقت میں غرق کر دیتی ہے۔ فنا کی حقیقت میں انسان کا دل، دماغ، اور روح ایک مشترکہ عمل میں متحرک ہوتے ہیں، جہاں ان سب کی حرکات اور جذبات کا مقصد صرف اور صرف اپنی موجودگی کو مٹانے اور حقیقت میں ضم ہونے کی کوشش ہوتی ہے۔ اس میں انسان کی ہر سانس، ہر قدم، ہر نظر، اور ہر سوچ ایک ایسا عمل بن جاتی ہے جو اسے اس کی خودی سے ہٹا کر اس کی تقدیر کی حقیقت میں غرق کرتا ہے۔

فنا کی یہ کیفیت انسان کو اپنے ذاتی غرور، تکبر، اور انا نیت سے بالاتر کر دیتی ہے اور اسے ایک ایسے مقام پر لے آتی ہے جہاں اس کی تمام تر خواہشات، ارمان، اور تمنائیں فنا ہو جاتی ہیں اور وہ فقط اس بات کی کوشش کرتا ہے کہ وہ اپنے خالق کی رضا میں ضم ہو جائے۔ فنا کی کیفیت میں انسان اپنے تمام تر تعلقات، آرزوؤں اور شکوک و شبہات کو ترک کر کے صرف اور صرف اپنے وجود کی اس فنا کی تلاش میں ہوتا ہے، جو اسے خدا کی قربت میں پہنچا دے۔

فنا کی اس حالت میں انسان کی روح مکمل طور پر ایک نیا روپ اختیار کرتی ہے۔ یہ ایک داخلی بیداری کی کیفیت ہوتی ہے. جس میں انسان اپنے آپ کو اس کائنات کے وسیع اور لامحدود سمندر میں ایک قطرہ محسوس کرتا ہے۔ فنا کی کیفیت میں ہر چیز، ہر آواز، ہر منظر، اور ہر احساس ایک نیا مفہوم اختیار کرتا ہے۔ اس کی تمام تر حقیقتیں اس کے سامنے ایک دھندلے منظر کی مانند بے حقیقت نظر آتی ہیں اور اس کا دل صرف اس واحد حقیقت کی طرف مائل ہوتا ہے، جو اس کی ذات سے ماوراء ہے۔

فنا میں انسان کا دل، دماغ، اور روح اس قدر ایک مکمل اتحاد میں آ جاتے ہیں کہ ان کی کوئی انفرادی حیثیت باقی نہیں رہتی۔ یہ کیفیت انسان کو اس کے وجود کی گہرائیوں میں لے جاتی ہے، جہاں وہ اپنے آپ کو مکمل طور پر مٹا دیتا ہے اور صرف وہی حقیقت باقی رہ جاتی ہے جو اس کے اندر حقیقت کے سرچشمے کی طرح چھپی ہوئی ہوتی ہے۔ فنا کی یہ کیفیت انسان کو اپنی ذات سے اتنا جدا کر دیتی ہے کہ وہ اس کو اس دنیا کے عارضی اور فانی تمام رشتہ و تعلقات سے بے گلہ کر کے فقط اپنی روحانی حقیقت کی جستجو میں غرق ہو جاتا ہے۔

فنا کا عمل دراصل انسان کی روح کے ارتقاء کا ایک زبردست ذریعہ ہوتا ہے۔ اس میں انسان اپنے جسمانی اور مادی دنیا کے تمام حدود سے آزاد ہو کر ایک ایسی روحانی حقیقت کی طرف بڑھتا ہے. جس میں وہ خود کو

اپنے خالق کی حقیقت میں مگن پاتا ہے۔ فنا کی اس حالت میں، انسان ہر شے کو مٹی کی طرح سمجھ کر اس سے بے نیاز ہو جاتا ہے اور صرف ایک ہی حقیقت کے پیچھے بھاگتا ہے، اور وہ حقیقت ہے اس کی روح کی تکمیل۔

فنا میں انسان کا ہر عمل، ہر جذبہ، اور ہر فکری عمل صرف ایک مقصد کے لیے ہوتا ہے: اس کی روح کا پاکیزہ ہونا، اس کا خودی سے آزاد ہونا، اور اس کی حقیقت کا اس کے خالق کے ساتھ ہم آہنگ ہونا۔ یہ ایک مکمل انقطاع کی کیفیت ہوتی ہے، جس میں انسان ہر چیز سے مکمل طور پر جدا ہو کر فقط اس حقیقت کے سائے میں ضم ہو جاتا ہے جو اس کی حقیقت کی جڑ ہے۔

وصل، ایک روحانی تکمیل اور اتحاد کی حالت

وصل ایک ایسی روحانی، عاطفی، اور فکری کیفیت ہے جو انسان کو اپنی اعلیٰ حقیقت اور مطلوبہ معشوق کے ساتھ مکمل طور پر جوڑ دیتی ہے۔ یہ حالت انسان کی داخلی ضرورت اور خارجی خواہشات کے عین مرکز میں واقع ہوتی ہے، جہاں وہ اپنے عشق کی تمام مراحل کو طے کر کے، ایک ایسی وحدت میں ضم ہو جاتا ہے جسے "وصل" کہا جاتا ہے۔ وصل کی اس کیفیت میں انسان اپنی فردیت کو مٹانے کے بعد اس طرح اتحاد کی لذت محسوس کرتا ہے کہ وہ کسی بیرونی حقیقت سے تعلق کا قائل ہو کر اپنے آپ کو مکمل سمجھنے لگتا ہے۔

وصل کی حالت ایک ایسے گہرے اور لطیف رشتہ کی عکاسی کرتی ہے جو فرد اور اس کے معشوق کے درمیان پیدا ہوتا ہے۔ یہ معشوق چاہے کسی روحانی ذات کی صورت میں ہو، یا پھر کسی انسان کی صورت میں، وصل کی حقیقت میں اس کا ہر عمل اور ہر جذبہ ایک خاص معنویت رکھتا ہے۔ وصل کے اس عالم میں فرد اپنی ذاتی خواہشات، اہداف، اور آرزوؤں سے بلند ہو کر اپنی حقیقت کو اس کے معشوق میں ضم

کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اس کیفیت میں فرد کا وجود اپنے معشوق کی قربت میں غرق ہو کر مکمل ہو جاتا ہے۔

وصل کی حالت میں، انسان اپنے وجود کی ہر پرت کو اس حقیقت کے ساتھ ضم کرنے کی کوشش کرتا ہے جو اس کے دل کی گہرائیوں میں بسی ہوئی ہوتی ہے۔ یہ حقیقت کبھی کسی محبوب کی صورت میں، کبھی اللہ کی قربت میں، اور کبھی کسی روحانی تجربے کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے۔ وصل ایک ایسا لمحہ ہے جب انسان اپنے تمام فانی خیالات، احساسات، اور خواہشات کو ایک طرف رکھ کر، صرف اور صرف اپنی روح کی تسکین کی جستجو میں اس حقیقت کے ساتھ ایک ہو جاتا ہے جو اس کے دل میں محفوظ ہے۔

وصل کا یہ عمل ایک گہرے اور روحانی انصہام کا حامل ہوتا ہے۔ اس میں انسان کی روح، دل، اور دماغ ایک روحانی اتحاد میں ڈوب جاتے ہیں، جہاں فرد کی ہر حرکت، ہر نظر، اور ہر خیال میں اس کے معشوق کی موجودگی کا عکس صاف طور پر دکھائی دیتا ہے۔ اس میں انسان کی فکر اور عمل ایک دوسرے میں مل کر ایک روحانی سفر کا آغاز کرتے ہیں جس کا کوئی انتہاء نہیں ہوتی۔ وصل کی کیفیت میں انسان ہر لمحہ اپنے معشوق کے قریب تر ہوتا جاتا ہے اور اس کی تمام تر شناخت کو مٹا کر، صرف معشوق کی شناخت میں خود کو ڈھالنے کی کوشش کرتا ہے۔

وصل کی یہ حالت انسان کی حقیقت کا عروج ہوتی ہے، جہاں وہ اپنی مکمل حقیقت کو اس کے معشوق میں ضم کر لیتا ہے۔ وصل میں انسان اپنی ہر تمنا، ہر آرزو، اور ہر خواہش کو معشوق کے لیے قربان کرتا ہے اور اس کے ساتھ ایک مکمل طور پر یکجا ہو جاتا ہے۔ اس میں انسان کی شخصیت، اس کے جذبات، اس کے خیالات، اور اس کے اعمال تمام کی تمام معشوق کی حقیقت میں گم ہو جاتے ہیں۔

یہ کیفیت اس وقت تک مکمل نہیں ہو سکتی جب تک فرد اپنی ذات کی آخری حدوں تک پہنچ کر اپنی انفرادیت کو مٹانے کی کوشش نہ کرے۔ وصل میں انسان اپنی تمام فانی شخصیت کو ترک کر دیتا ہے اور اپنے معشوق کے ساتھ ایک نئی حقیقت کا آغاز کرتا ہے، جو ابدی اور غیر فانی ہوتی ہے۔ اس کیفیت میں فرد اپنے روحانی مقصد کی تکمیل کی جانب بڑھتا ہے اور اپنے معشوق کی قربت میں اس کی حقیقت کو شناخت کرتا ہے۔

وصل کی حالت میں انسان کی ہر حرکت اور ہر عمل میں ایک خاص روحانی لذت اور سکون ہوتا ہے۔ یہ وہ کیفیت ہے جس میں فرد اپنے معشوق کے قریب تر آ کر اس کی موجودگی کو مکمل طور پر محسوس کرتا ہے۔ اس میں انسان کا دل، دماغ، اور روح ایک ہم آہنگی میں ڈوب جاتے ہیں، جہاں وہ ہر چیز کو اپنے معشوق کی موجودگی سے ہی پرکھتا ہے۔ وصل کا عمل اس کے لیے ایک مسلسل جستجو بن جاتا ہے، جس میں وہ ہر لمحہ اپنی حقیقت کو معشوق کے ساتھ ضم کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

وصل کی حقیقت ایک ایسی وحدت ہوتی ہے جس میں فرد اپنی تمام تر خواہشات، آرزوئں، اور توقعات کو معشوق کے قدموں میں گرا دیتا ہے۔ اس میں انسان کا دل اپنے معشوق کی محبت میں ڈوب جاتا ہے اور وہ اپنی حقیقت کو اس کی محبت میں محو کر دیتا ہے۔ وصل کی اس کیفیت میں انسان ہر طرف سے بے نیاز ہو کر، صرف اور صرف اپنے معشوق کی محبت اور قربت کی طلب میں جیتا ہے۔ یہ وہ کیفیت ہے جہاں انسان اپنی روحانی ضرورتوں کو سمجھتا ہے اور اپنی تمام تر فانی حقیقتوں کو معشوق کی قربت کے لیے قربان کر دیتا ہے۔

وصل کا یہ عمل دراصل انسان کی روح کے ارتقاء کا ایک سنگ میل ہوتا ہے۔ اس میں انسان اپنے جسمانی اور مادی دنیا کے تمام حدود سے آزاد ہو کر ایک ایسی روحانی حقیقت کی طرف بڑھتا ہے جس میں وہ

اپنے معشوق کے ساتھ مکمل طور پر یکجا ہو جاتا ہے۔ وصل کی حالت میں انسان اپنے تمام فانی خیالات اور جذبات کو ترک کر کے صرف اور صرف معشوق کی حقیقت میں گم ہو جاتا ہے۔

وصل کی اس کیفیت میں انسان کی حقیقت محض معشوق کی قربت میں سمو جاتی ہے۔ اس میں انسان کا ہر عمل اور ہر خیال معشوق کے لیے وقف ہو جاتا ہے اور وہ اپنی حقیقت کو معشوق کے سائے میں مکمل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ وصل کی کیفیت میں انسان کے ہر لمحے کی مٹھاس اور سکون معشوق کی قربت میں ہی پوشیدہ ہوتی ہے، اور وہ اس کی محبت میں اتنا محو ہو جاتا ہے کہ اس کی حقیقت اور وجود کا مفہوم محض معشوق کی محبت میں گم ہو کر رہ جاتا ہے۔

فکرو تدبر پہ مبنی شاعری، نظمیں، غزلیں

یہ صفحات ایک ایسے فکری و روحانی جہان کی تجلیات ہیں جہاں تدبر کی روشنی، دین کی حکمت، فلکیات کے اسرار، عشق کی گہرائیاں اور محبت کی نزاکتیں یکجا ہو کر ایک منفرد رنگ میں جلوہ گر ہوتی ہیں۔ یہاں عقل و وجدان کی سرحدیں ملتی ہیں، جہاں خرد و جنون کی کشمکش نئے معانی دریافت کرتی ہے، اور جہاں فکر کی پہنائیوں میں گم ہونے والے راہِ یقین کی طرف پلٹنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔

یہاں دینیات کی ژرف بینی میں حقیقت کے پرت کھلتے ہیں، فلکیات کے آفاق میں کائنات کے سربستہ راز سرگوشیاں کرتے ہیں، اور عشق و محبت کی نیرنگیاں انسانی جذبات کی لطافت و شدت کا احاطہ کرتی ہیں۔ ان نظموں اور غزلوں میں کہیں صوفیانہ وارفتگی ہے تو کہیں فلسفیانہ گہرائی، کہیں عاشقِ ازل کی بے قراری ہے تو کہیں عاقل کی متانت۔ ہر شعر ایک جہانِ معانی سموئے ہے، ہر لفظ ایک کائنات کا در وا کرتا ہے۔

یہاں الفاظ محض زینت نہیں بلکہ فکر کے دریچے کھولنے والے چراغ ہیں۔ یہ تحریریں ایک ایسی روحانی و علمی جستجو کی مظہر ہیں جو عقل کو جِلا بخشتی ہیں، قلب کو مہمیز دیتی ہیں اور روح کو ایک نئے شعور کی طرف متوجہ کرتی ہیں۔

ملاحظہ فرمائیں، وہ تخلیقی منظر نامہ جہاں فکرو تدبر، دین و معرفت، فلکیاتی حیرتیں، عشق کی بے خودی اور محبت کے لطیف جذبات یکجا ہو کر ایک دانشمندانہ مگر جذباتی ہم آہنگی میں ڈھل جاتے ہیں۔

بحرِ معانی میں غواصی

ذاتِ واجب الوجود، محیطِ کلیات و جزئیات، منبع تجلیات و مبدأ موجودات، وہ ذاتِ سرمدی جو لایزال، لامحدود، لامتناہی اور لازوال ہے۔ عقلِ انسانی جس کی حقیقتِ مطلقہ کے احاطے سے عاجز، شعورِ ناقص جس کی کنہِ حقیقت کے درک سے قاصر، اور فہمِ فانی جس کی ماہیتِ خالصہ کے ادراک سے محروم ہے۔

وہ قدیم الذات ہے، زمان و مکان کی قیود سے ماورا، ہر ابتدا سے پیشتر اور ہر انتہا کے بعد بھی باقی۔ اُس کی ازلیت، دوام کی مظہر اور اُس کا بقاء، سرمدیت کا آیئنہ ہے۔ وہ حادث نہیں کہ حدوث اس کے لیے محال ہے، اور نہ فانی کہ فنا اس کی شان سے بعید ہے۔

احد، صمد، واحد، بے نیاز، بے مثل و بے مثال، وہ اپنی ذات میں منفرد، صفات میں یکتا اور افعال میں بے ثانی ہے۔ نہ کوئی اُس کی جنس ہے، نہ اس کا ہم سر، نہ کوئی نظیر، نہ کوئی شریک۔ اُس کی توحید، عقلِ انسانی کے ہر وہم و گمان سے بالاتر ہے اور اُس کی احدیت، تصور کے ہر دایئرے سے باہر ہے۔

وہ قادرِ مطلق، محیطِ تام، اور مختارِ کل ہے۔ اُس کی قدرت لامتناہی، اُس کی مشیّت غیر متغیّر، اور اُس کی حکمت، رازہائے پنہاں کا محور۔ وہ ماہیٔ امکان کو عرصۂ شہود میں لانے والا، نیستی کو ہست میں بدلنے والا، اور معدومات کو عالمِ وجود میں داخل کرنے والا ہے۔

وہ علیمٌ بذاتِ الصدور، محیطٌ بالسماوات والارض، عالم الغیب والشهادہ، اُس کا علم غیر متناہی، اُس کی معرفت غیر محدود۔ ہر ذرۂ کائنات میں اُس کی خبر، ہر نقشِ ہستی میں اُس کی معرفت، ہر لحظۂ وجود میں اُس کی نگاہ۔ اُس کا علم مسبوق بہ جہل نہیں، اور نہ محدود بہ کسی علت۔

وہ حیّ و قیّوم، زندہ و پایئندہ، نہ اسے نیند لاحق، نہ اونگھ مسلط۔ اُس کی حیات ازلی، اُس کا بقاء سرمدی، وہ مبدائے حیات بھی اور منتہائے وجود بھی۔ کوئی شے اُس کی زندگی میں تغیر نہیں لا سکتی، نہ کوئی حادثہ اُس کی بقاء میں خلل ڈال سکتا ہے۔

وہ حکیمٌ بالذات، عادلٌ بالکمال، اُس کی تدبیر میں حکمت، اُس کے فیصلے میں عدل۔ کائنات کے تمام نظامات اُسی کے میزانِ حکمت میں مربوط، کُل حوادثاتِ عالم اُسی کے محض عدل کے تابع۔ اُس کا کوئی فیصلہ حکمت سے خالی نہیں، اور نہ کوئی تقدیر انصاف سے عاری۔

وہ فعالٌ لما یرید، اُس کا امر نافذ، اُس کی مشیّت غیر متبدل۔ ہر امر اسی کے حکم سے وقوع پذیر، ہر مقدر اُسی کی مرضی کے تابع، اور ہر نقشِ تقدیر اُسی کے قلم سے رقم شدہ۔

وہ غفّار الذنوب، ستّار العیوب، واسع المغفرہ، رحمٰن ورحیم۔ اُس کی رحمت وسیع تر، اُس کی مغفرت لامحدود، اور اُس کا کرم بے پایاں۔ وہ خطاؤں کو معاف کرنے والا، لغزشوں کو درگزر فرمانے والا، ندامت کے آنسوؤں کو قبول کرنے والا۔

وہ جمیلٌ بذاتہ، جلیلٌ بصفاتہ، اُس کی ذات میں حسن کی جلوہ آرائی، اُس کی صفات میں جلال کی ہیبت۔ اُس کی تجلی سے ذراتِ عالم منور، اُس کی ہیبت سے اہلِ سماوات لرزاں۔

وہ رزّاق، وہّاب، ذوالفضل العظیم۔ ہر جاندار کا رزق اُسی کے دستِ کرم سے وابستہ، ہر محتاج کی حاجت اُسی کے دربار سے روا۔ وہ بغیر کسی سبب کے عطا کرنے والا، بغیر کسی علّت کے نعمتیں بانٹنے والا۔

وہ سمیعٌ بلا اُذن، بصیرٌ بلا عین، اُس کی سماعت، ہر صدا سے ماورا، اُس کی بصارت، ہر نگاہ سے بالاتر۔ وہ صدا کو بغیر کان کے سنتا، اور نور کو بغیر آنکھ کے دیکھتا ہے۔

وہ متکلمٌ بذاتہ، اُس کی کلام، غیر مخلوق، اُس کا بیان، ازلی وابدی۔ اُس کی وحی میں حکمت، اُس کے فرمان میں تدبیر، اور اُس کے خطاب میں تاثیر۔

وہ محیطٌ بکل شیء، اُس کے علم کا دائرہ ہر چیز پر وسیع، اُس کی نگاہ ہر ذرہ پر محیط، اُس کی قدرت ہر شے پر حاوی۔ وہ قیّوم، کہ کوئی شے اُس کے بغیر قائم نہیں، اور کوئی وجود اُس کے فیض کے بغیر باقی نہیں۔

ذاتِ باری تعالیٰ کے اوصاف و کمالات کا احاطہ، عقلِ انسانی کے لیے ناممکن، فہمِ بشری کے لیے محال۔ وہ جسے چاہے معرفت عطا کرے، جسے چاہے اپنے انوارِ الوہیت سے منور کرے۔ ہر زبان اُس کے ذکر میں قاصر، ہر قلم اُس کی مدح میں ناتواں، اور ہر عقل اُس کی حقیقت کے فہم سے عاجز۔

وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا "(ہمارے رب کا علم ہر شے پر محیط ہے)"

ذاتِ حق

ہر اِک ذرّے میں تیرا نور پایا

جہاں دیکھا، تجھے مسطور پایا

خلا کی وسعتوں میں گونجتی ہے

صدا جس نے ازل میں دور پایا

عدم کی تیرگی میں تھا کہاں میں؟

تجھے دیکھا تو خود شعور پایا

یہ خاکی جسم فانی ہے مگر میں

تری رحمت میں اک معمور پایا

نظر آتا نہیں لیکن حقیقت

ہر اِک شے میں ترا ظہور پایا

مجھے حیرت نے سجدے میں جھکایا

کہ جب تیرا کرم بے حُدود پایا

منوّرِ کعبہ و نورِ مدینۂ نبی

خاکِ درِ نبی پہ جھکائے ہوئے کھڑے
اشکوں میں ڈوب کر بھی مسکرائے ہوئے کھڑے

دیوارِ غم سے دور، قُربت کی روشنی
روضے کے در پہ سر کو جھکائے ہوئے کھڑے

خوشبوئے مُشک و عَنبر میں لپٹی ہوئی ہوا
سرکار کے دیار میں آئے ہوئے کھڑے

اَسود کی روشنی تھی جو دل میں اتر گئی
کعبے کے سامنے بھی سمٹائے ہوئے کھڑے

لب پر درود، آنکھ میں اشکوں کے کہکشاں
دستِ دعا میں شوق جگائے ہوئے کھڑے

طیبہ کی خاک چھو کے جو آتے ہیں بار بار
پھر زندگی کے راز چھپائے ہوئے کھڑے
کعبے کی روشنی ہو کہ روضے کی وہ بہار
دل میں عجب سرور بسائے ہوئے کھڑے

طُورِ حُسنِ مُصطفیٰ ﷺ

مہ و مہر شرمائیے، وہ نورِ مجسّم،
جمالِ دو عالم، وقارِ مکرّم

لغاتِ ازل میں فصاحت کا دریا،
بشارت کی خوشبو، سخاوت کا شبنم

جبینوں پہ تحریر تھا اسمِ سرور،
قِرطاسِ ہستی پہ مہرِ مُعظّم

سہانی گھڑی میں ضیا در ضیا تھا،
فلک جھک گیا تھا، زمیں تھی مُبَسَّم

کہاں سدرہ و عرش، کہاں رفعتیں تھیں،
کہاں اوج کی حد، کہاں پیکرِ اعظم

ہوا خَلق میں ذکر ایسا مہکتا،
کہ ہر سُو معطّر ہوا نطقِ انجم

مَلَک سر بہ زانو، جبینیں جھکی تھیں،
زباں پر درود و سلامِ مُسلّم

نوحہ، ماتمِ ہستی

تھے کہیں ہم، جو گم ہو گئے ہیں
دیکھتے ہیں، تو ہم ہی رو گئے ہیں

تلاشِ حقیقت تھی، نہیں مل سکی
بے بسی میں دل چھوٹا ہو گیا ہے

یہ جو اک خلا ہے، دل میں بسا ہے
کیا وہ روشنی کہیں چھپتی جا رہی ہے؟

سایۂ قدرت کی ہر امید ٹوٹ گئی
اب ہم خود میں بھی غیر ہو گئے ہیں

نہ شوقِ زیست باقی ہے نہ کوئی آس
ماتمِ ہستی ہے، دل میں بس فریاد

جوابِ نوحہ، پیامِ حقیقت

تھے تم، مگر ابھی تم ہی ہو یہاں
تمہاری ہستی، ہر سو جاگ رہی ہے

جو تلاش کرتے ہو، وہ تمہاری روح ہے
یہ سکونِ دل بھی تمہارے در پر ہے

وہ جو خلا ہے، تمہاری جستجو ہے
تمہاری طلب کا ایک راز کھلا ہے

ہر اندھیرا، حقیقت کی روشنی ہے
تمہارا درد بھی تو وہی خوشی ہے

تم نہ غیر ہو، تمہاری حقیقت میں
اللہ کا عکس ہے، تمہاری جستجو میں

دعائے حِکمت، (بچوں کے لئے)

اے خدا! صبح کی کرنوں سا اجالا دے دے،
میرے افکار کو روشن کوئی رستہ دے دے

میرے ہونٹوں پہ سچائی کی زباں جاری ہو،
میری ہر بات میں خوشبوئے وفا شامل ہو

حوصلہ ایسا عطا کر کہ جھکوں نہ ہرگز،
جس طرف جاؤں، میں لے جاؤں صدا حق یارب

میرا کردار ہو تفسیرِ مورخہ کی طرح،
میری پہچان ہو اعمال کی روشن شمع

دے مجھے صبر، جو زخموں کو دے مسکاں یارب،
دے یقین ایسا جو پتھر کو بھی دریا کر دے

میرے ہاتھوں کسی کمزور کو طاقت دے دے،
میرے لفظوں میں ہر انسان کو ہمت دے دے

میں بنوں ایسا ستارہ کہ مٹا دوں ظلمت
روشنی بن کے میں دنیا میں اجالا کر دوں!

رموزِ لامکاں

بہت اسرار پنہاں ہیں، نہاں تا بیکراں کے بعد
نہاں کیا ہے؟ کسے معلوم، فہم ناگہاں کے بعد

سماوی جادۂ کہنہ میں کیا گُم ہے، کیا ظاہر؟
ہے لب بستہ فلک ہر بار، عقدۂ کُہن کے بعد

سوادِ بیکرانی میں عمیق ابحار کی صورت
کہاں لے جائے گی گردش ہمیں طوفان زَن کے بعد؟

سوادِ ثقبِ مظلم میں ہے کون ولامکانی؟
ازل سے تا ابد پھیلی ہیں راہیں بے نشاں کے بعد

نہ شمس وماہ کا ہے معلوم، رازِ فروغِ نور
نہ تاروں کی زباں کھُلتی ہے ذکرِ کہکشاں کے بعد

کہاں ہے طور کی تجلی، برقِ ناری کا سراغ؟
کہاں ہے نورِ طارق، روشنی کن کہکشاں کے بعد؟

یہ طبع کائناتی کس جوازِ جُستجو میں ہے؟
مسافت در مسافت ہے سفر کی داستاں کے بعد

ازل سے ذہنِ آدم غور میں محوِ تجسس ہے
مگر ہر عقدہ مشکل ہے کسی حل کے گماں کے بعد

ندیمؔ، افلاک کی پہنائیاں حیران کرتی ہیں
یہ حیرانی نہ جائے گی قیامت کی اذاں کے بعد

فکرِ لامحدود

بکھرتی سوچ کے کہسار میں تدبر تھا
نجوم و مہر کی گردش میں بھی تفکر تھا

ہویدا رازِ فلک جب ہوئے خرد پر وا
تو ہر شعاع میں تجلی کا ایک منظر تھا

یہ کہکشاں کی ہے وسعت، یا ہے پروازِ ذہن؟
ہر ایک موڑ پہ حیرت کا ایک لشکر تھا

شعاعِ نور کی رفتار بھی ہوئی محدود
سیاہ شگاف جہاں وقت کا بھی محشر تھا

زمانی سرنگ، زمانے کی سرحدیں یا راز؟
ہر ایک خم میں تخیل کا ہی سمندر تھا

ستارگان کے مد و جزر چھپے اسرار
نہاں کواکب و سیار میں تدبر تھا

سوالِ عقل نے جب کی فضا میں اک پرواز
تو ہر مقام پہ تخلیق کا ہی جوہر تھا

ندیمؔ، گردشِ افلاک سے نہ تھا غافل
یہ کائنات بھی گویا کسی کا دفتر تھا

چپ سہنی پڑی

شبِ ہجراں کی تپش سہنی پڑی ہے
چراغِ دل کی لو بھی رکھنی پڑی ہے

جو تیری بزم میں جا کر بھی نہ بکھری
ہمیں وہ خاک بھی چکھنی پڑی ہے

نہ یوسف ہم، نہ کوئی قافلہ ہے
مگر پھر بھی گلی، بکنی پڑی ہے

ستم گر! تجھ سے شکوہ کیا کریں ہم؟
ہمارے لب پہ چپ رکھنی پڑی ہے

ہماری داستاں سننے سے پہلے
زمانے کو بھی چُپ سَہنی پڑی ہے

یہ کیسا دور آیا ہے کہ ہم کو
وفا بھی سوچ کر کرنی پڑی ہے

جو باقی تھا وہ خوابوں میں لٹا ہے
جو گزری ہے، وہ اب لکھنی پڑی ہے

وسعتِ افلاک

یہ کس کی روشنی بہتی رہی ہے؟
کہ تاریکی سمٹتی جا رہی ہے

نجوم و کہکشاں حیراں کھڑے ہیں
یہ کس کی سمت دنیا جا رہی ہے؟

رہی صدیوں سے خاموشی مسلط
مگر اب کائنات گا رہی ہے

فلک پر راہ کس نے کر دی روشن؟
ہوا کس کی نظر، بہتی رہی ہے؟

یہ بزمِ کہکشاں، رقصاں ہے کیوں کر؟
یہ موجِ نور کیا کہتی رہی ہے؟

خلا کی گونج میں پیغام کس کا؟
صدا کس کے لیے آتی رہی ہے؟

حقیقتِ انسان

یہ کس مٹی سے ہم کو گوندھا ہے؟
کہ ہر ذرہ ہمارا آئینہ ہے

نہ ہم خاکی، نہ ہم نوری صنم ہیں
ہمارا راز سب سے برملا ہے

ہماری سوچ حد میں قید کیوں ہو؟
ہماری وسعتوں کا کیا خلا ہے؟

یہی تقدیر ہے یا امتحاں ہے؟
کہ ہر سانسوں میں اک نیا گلا ہے

کبھی سایہ، کبھی سایا نہیں ہم
وجودِ آدمی بھی ماجرا ہے

زمیں سے آسماں تک جا رہے ہیں
یہ پروازِ خرد کا سلسلہ ہے

حقیقت یا سراب؟

عشق کی راہ میں جلنا پڑا ہے
خاک ہونا بھی عملنا پڑا ہے

یہ حقیقت ہے کہ دنیا میں رہ کر
حرفِ ہجراں بھی لکھنا پڑا ہے

اک طرف آتشِ ہستی کا دریا
اک طرف ڈوب کے جینا پڑا ہے

عشق دنیا میں سرابوں کی صورت
عشقِ حق میں تو سمٹنا پڑا ہے

دہر کی آنکھ نے دیکھا ہمیں یوں
کبھی بکھرے، کبھی جُڑنا پڑا ہے

تجھ تلک آ کے یہ سمجھا ہوں آخر
راستہ خود میں ہی ڈھونڈنا پڑا ہے

سوزِ ناتمام

زیست اک سرابِ فانی، وہم بے بنیاد تھی
ہر تمنا خاک میں لپٹی ہوئی فریاد تھی

دید کی تابانیوں میں جلوۂ ہجراں ملا
ہر نظر آشفتہ تھی، اور موج بے بنیاد تھی

عشق تھا یا واہمہ، یا کوئی سودائے فکر؟
زندگی اک تند خو طوفان کی ایجاد تھی

وقت کی بے رحم موجوں میں بہے افکار سب
دانش و حکمت کی ہر تحریر بے امداد تھی

موت ہر دم سایہ فگن، راہگزر کے سنگ سنگ
ہر گھڑی دل پر نزولِ آہِ نا افتاد تھی

حرفِ حق لکھنے کی جرأت تھی مرا سرمایۂ زیست
ہر صدا صد چاک تھی، ہر بات استفساد تھی

دہر کی دہلیز پر میں تھا کہ میرا خواب تھا؟
فکرِ دنیا کج روش تھی، سوچ بے بنیاد تھی

میں نے ہر سائے میں دیکھا عکسِ نامعلوم کو
ہر حقیقت در حقیقت پردۂ بیداد تھی

کب اجل دستک آئے، نفس کب رک جائے گی؟
زندگی بھی راز تھی، ہر سانس نا افتاد تھی

حزنِ جاوداں

یہ کیسی تھی محبت، یہ کیسا تھا فسانہ؟
کبھی خوابوں کا جگنو، کبھی اشکوں کا خزانہ

کہا دل کی حقیقت، وہ پہلے تو مکر گئی
مگر پھر مان بھی گئی، ہوا دل کا ٹھکانہ

بڑھی چاہت کی شدت، ہوئے جذبات روشن
مگر قسمت کے ہاتھوں، ہوا پھر سے بہانہ

گئے رشتے کی خاطر جو ہم اہلِ وفا تک
نہ اپنے مانتے تھے، نہ دنیا نے زمانہ

وہ جس کے نام پر تھی یہ دنیا میرے دل کی
اسی دنیا نے ظالم، اسے دے دی سزا نا

نہ رنگت تھی نظر میں، نہ جینے کی تمنا
رہا یادوں کے صحرا میں جلتا اک دیوانہ

میں ہر پل مر رہا تھا، میں ہر پل جی رہا تھا
مگر دنیا نے تھاما، دیا مجھ کو سہارا

ہوئی شادی تو لیکن وہ پہلی تھی محبت
وہی دردِ نہاں تھا، وہی اشکوں کا دھارا

یہ دل اب بھی اسی کا، یہ دل اب بھی اسی میں
نہ مٹ پایا ہے غم کا وہی نقشِ پرانا

وفا کی داستاں تھی، مقدر کی تھی تحریر
یہی انجام لکھا تھا، یہی رہنا تھا شانہ

نوحہ، ماتمِ عشق

ہجر کی رات، آنکھیں بھیگ رہی ہیں
یادوں کی راکھ، سانسیں چیخ رہی ہیں

عشق کا خواب، پل میں ٹوٹ گیا ہے
دل کی صدا، مگر کون سن رہا ہے؟

وعدے روشنی، بجھ کے رہ گئے سب
خوابوں کی بستیاں، راکھ کہہ گئے سب

زخموں کا رنگ، اب لہو سا نہیں
آنکھوں کا شور، اب عدُو سا نہیں

اب نہ امید، نہ کوئی آس باقی
ماتمِ عشق، بس یہی سانس باقی

جوابِ نوحہ، پیامِ عشق

ہجر کی رات میں سحر بھی ہے
یادوں کی راکھ میں نظر بھی ہے

عشق جب خواب ہو، ٹوٹتا ہی ہے
دل کی صدا ابھی سنائی دے رہی ہے

جو بجھ گئے چراغ، جل بھی سکتے ہیں
یہ ٹوٹے خواب پھر بھی پل سکتے ہیں

زخموں کا رنگ ہی، اصلِ حیات ہے
یہی تو راہ ہے، یہی نجات ہے

عشق کو ماتم نہ کہہ، یہ نور کی راہ ہے
یہی فنا میں بقا کی ایک چاہ ہے

امر جُدائی

چراغِ ہجر میں آنسو جلا گیا کوئی
حیات بھر کا اندھیرا دے گیا کوئی

جوان خواب تھے، بکھرے پڑے ہیں راہوں میں
نظر چرا کے بہت دور جا گیا کوئی

میں جس کے ساتھ بہاروں میں چل پڑا تھا کبھی
خزاں کی راہ دکھا کر چلا گیا کوئی

صدائیں دیتا رہا میں سراب راہوں میں
مگر سُنے بنا مجھ کو رُلا گیا کوئی

یہ عمر بھر کی اداسی، یہ درد کی بارش
محبتوں کو امر کر کے جا گیا کوئی

چراغِ وفا

محبتوں میں وفا کا چراغ جلتا رہے
یہ سلسلہ کسی صورت نہ کم چلتا رہے

تمہاری یاد کا موسم رہے سدا قائم
دِلوں میں عشق کا دریا یونہی پلتا رہے

نظر سے دور سہی، روح میں بسا رکھنا
کہ ترے ہجر کا احساس بھی ملتا رہے

تمہارے قرب کی خوشبو بکھر گئی ہر سو
دعا یہی ہے کہ یہ رنگ یوں ہی کھلتا رہے

یہ دل کی بزم ترے ذکر سے سجی ہر پل
خدا کرے یہ ماحولِ وفا ہر دم سجتا رہے

انتشارِ ذات

ہر ایک شخص یہاں اپنا بادشاہ ہے بنا
دیارِ فکر میں دیوارِ درمیان بنا

یہاں پہ نسل، زباں، فرقہ سب ہی پہلے ہیں
وطن کا نام تو بس ایک داستان بنا

یہ لوگ بیچ رہے ہیں وہی پرانا چورن
جو ان کے وہم میں سچ کا ہے ترجمان بنا

یہاں پہ مسجدیں اینٹوں کی قید میں گم ہیں
کہ ہر کوئی ہی خدا کا ہے رازدان بنا

ندیم! بات تو قوموں کی ایک ہوتی ہے
مگر ہجوم یہ اب تک ہے بے نشان بنا

مسرَف

(گلہ خاورئی باسیوں سے)

حق کے عیاں پر بھی انکار باقی
ظلمت کے پردے میں اسرار باقی

منطق نے تائیدِ حق جب دکھائیَ
وہم و گماں کا تھا رفتار باقی

قبلے کی سمتوں میں تھا انحرافی
میں نے کہا، پھر بھی انکار باقی

حرف و عدد، علم و حکمت سے بولا
تقلیدِ باطل کا اظہار باقی

میں کہہ چکا حرفِ صدق و حقیقت
اُن کے تعصب کا دیوار باقی

سرّ کائنات

فلک کے ہالے میں رموزِ کہن جو مستور تھے،
عدسس سے دیکھے تو وہی زاویے مشہور تھے

منافذِ نور میں پنہاں تھا رازِ ذرّات کا،
کلیمِ فطرت کے ہر اِک قول پر دستور تھے

کہیں جمودِ زماں، کہی گردشیں بے اماں،
نظامِ ہستی میں عجب منطق و معمور تھے

سوادِ کہکشاں میں جو مہتاب محوِ سیر تھا،
وہی تضادِ ضیا میں مقید بہ ناسور تھے

نہ پوچھ حکمت کے نیرنگ میں چھپے راز کیا،
یہاں تو ذرے بھی کبھی موج، کبھی ناسور تھے

